https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | منگل 08 جمادی الاوّل 1448ھ 20 اکتوبر 2026ء | شمارہ:217

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور انکا معاملہ آخرت والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

کراچی میں میرا ایئرپورٹ کو ہی کھدائی شرجیل میمن نے شہریوں سے پیشگی معذرت کرلی



شرجیل انعام میمن نے گرین لائن بی آر ٹی کے آپریشنز کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہیں بی آر ٹی نظام کے مختلف پہلوؤں، دیگر ٹرانسپورٹ منصوبوں کے ساتھ انضمام، مسافروں کی تعداد اور مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی

سیکریٹری محکمہ ٹرانسپورٹ اسد ضامن، سی ای او ٹرانس کراچی زبیر چنہ، پراجیکٹ ڈائریکٹر یلو لائن بی آر ٹی کمال دایو اور ایم ڈی سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی بہزاد میمن بھی ان کے ہمراہ تھے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ کے سینئر وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے گرین لائن بی آر ٹی کے آپریشنز کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہیں بی آر ٹی نظام کے مختلف پہلوؤں، دیگر ٹرانسپورٹ منصوبوں کے ساتھ انضمام، مسافروں کی تعداد اور مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر سیکریٹری محکمہ ٹرانسپورٹ اسد ضامن، سی ای او ٹرانس کراچی زبیر چنہ، پراجیکٹ ڈائریکٹر یلو لائن بی آر ٹی کمال دایو اور ایم ڈی سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اہم خبر



ایڈرین ہملٹن مانز پی آئی اے کے سی ای او نامزد

پی آئی اے کے چیئرمین نے نئے نامزد سی ای او کا ادارے کے تمام چیفس سے تعارف بھی کرادیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی آئی اے کی قیادت میں اہم تبدیلی، ایڈرین ہملٹن مانز کو قومی ایئر لائن کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر نامزد کر دیا گیا، ذرائع کے مطابق ایڈرین ہملٹن مانز اس سے قبل عمان کی فضائی کمپنی سلام ایئر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں اور انھیں کمرشل ایوی ایشن اور ایئر لائن مینجمنٹ کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔ پی آئی اے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

کراچی کو عوامی رائے کے بغیر سندھ کا حصہ بنایا گیا، خالد مقبول صدیقی

نئے صوبے وقت کی ضرورت ہیں کراچی کی انتظامی حیثیت تبدیل کرتے وقت ریفرنڈم نہیں کرایا گیا

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ کراچی کو عوام کی رائے لیے بغیر سندھ کا حصہ بنایا گیا، نئے صوبوں کا قیام وقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

چھاتی کے سرطان سے اموات میں کمی کیلئے بروقت تشخیص، علاج اور ذہنی صحت کا خیال ضروری ہے، ماہرین

حکومت محصولات جمع کرنے کیلئے پیٹرولیم مصنوعات پر انحصار کم کرے، مدثر مسعود چوہدری

کراچی (این این آئی) ماہر نفسیات ڈاکٹر طیبہ کرن نے کہا ہے کہ چھاتی کے سرطان سے ہونے والی اموات میں کمی کے لیے بروقت تشخیص اور علاج کے ساتھ مریضوں کی ذہنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

کراچی (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص سے قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں، مراد علی شاہ

سندھ کے سرکاری اسپتالوں میں مفت میموگرافی اور جدید علاج کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، وزیراعلیٰ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم آگاہی برائے چھاتی کے سرطان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اس مرض کے خلاف مؤثر جدوجہد کے لیے آگاہی، بروقت تشخیص اور فوری علاج بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ بروقت تشخیص سے علاج کے امکانات بہتر بنانے کے ساتھ قیمتی جانیں بھی بچائی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ اپنی صحت کو ترجیح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان کے باصلاحیت نوجوانوں کی ترقی میں بڑی رکاوٹ مالی وسائل ہیں، صلاحیت کے باوجود غریب خاندان کے بچے اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی کا تصور بھی نہیں کرسکتے، دانش اسکول کا منصوبہ پنجاب سے نکل کر اب پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے۔ اسلام آباد میں دانش اسکول کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

دانش اسکول منصوبہ پورے پاکستان میں پھیلے گا، شہباز شریف

اسلام آباد میں دانش اسکول کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مالی مشکلات کی باعث کسی بچے کو معیاری تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے، معیاری تعلیم اور مساوی مواقع کی فراہمی ضروری ہے

وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دانش اسکولز کے طلبا کی کامیابیاں انتہائی متاثر کن ہیں، پاکستانی نوجوانوں میں اپنی زندگیاں اور ملک کی تقدیر سنوارنے کی صلاحیت موجود ہے، نوجوان اپنی ذہانت، محنت اور انتھک کوششوں سے پاکستان کو اقوام عالم میں نمایاں مقام دلا سکتے ہیں

اسلام آباد / کراچی (علیم نواب خان) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان کے باصلاحیت نوجوانوں کی ترقی میں بڑی رکاوٹ مالی وسائل ہیں، صلاحیت کے باوجود غریب خاندان کے بچے اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی کا تصور بھی نہیں کرسکتے، دانش اسکول کا منصوبہ پنجاب سے نکل کر اب پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے۔ اسلام آباد میں دانش اسکول کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دانش اسکول اسلام آباد کے افتتاح کی تختی کی نقاب کشائی کی، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور رانا مشہود علی خان بھی موجود ہیں

میر رضا کیس، ایلخانہ کا جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ عام کرنے اور جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ

پولیس پر شفاف تحقیقات نہ کرنے اور شواہد ضائع کرنے کے الزامات، رپورٹ نہ ملی تو عدالت سے رجوع کریں گے، جبران ناصر

کراچی (این این آئی) میر رضا کیس میں متوفی کے ایلخانہ نے جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ خاندان کو فراہم کرنے اور اسے عام کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

عامر لیاقت نازیبا ویڈیو کیس، دانیہ شاہ کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

طبیعت ناساز ہونے پر حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد، ملزمہ کو گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی نے مرحوم ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کی نازیبا ویڈیوز وائرل کرنے کے مقدمے میں ملزمہ دانیہ شاہ کے ناقابلِ ضمانت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

مرغی کا گوشت 680 روپے کلو، تین ہفتوں میں 190 روپے مہنگا ہوگیا

سرکاری نرخ سے 45 روپے زائد پر فروخت جاری، زندہ مرغی اور بغیر ہڈی گوشت کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ ہوگیا، تین ہفتوں کے دوران فی کلو قیمت 190 روپے بڑھنے سے مرغی کا گوشت عام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کراچی: کورنگی میں گھر سے 20 سالہ نوجوان کی پھندا لگی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) کورنگی کے علاقے ضیاء کالونی میں گھر سے 20 سالہ نوجوان کی پھندا لگی لاش برآمد ہوئی، جسے ضابطے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی، میجر وجاہت وحید کی شہادت پر بلاول بھٹو کا اظہارِ افسوس

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

جامشورو ٹریفک حادثہ، 21 سالہ مہک ملک کی ہلاکت پر آئی جی سندھ کا نوٹس

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے جامشورو میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں 21 سالہ لڑکی مہک ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پشاور واقعہ
سندھ کے تمام نجی اسکولوں کی عمارتوں میں حفاظتی اقدامات سخت کرنیکی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پشاور میں اسکول کی عمارت گرنے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کے افسوسناک واقعے کے بعد سندھ کے تمام نجی اسکولوں میں عمارتوں کی حفاظت کے انتظامات یقینی بنانے کیلئے سخت ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ سندھ نے جام چاکرو لینڈ فل منصوبے کا افتتاح کردیا

منصوبے سے 20 ملین ڈالر کے کاربن کریڈٹس حاصل ہونے کی توقع، کراچی کے کچرے کو سائنسی بنیادوں پر ٹھکانے لگانے کا عمل شروع

وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، وزیر محنت سعید غنی، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، علی نواز بروہی، لالا عبدالرحیم اور دیگر سینئر حکام بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پیر کے روز کراچی کے جام چاکرو میں سندھ کے پہلے سینٹری انجینئرڈ لینڈ فل منصوبے کے پہلے مرحلے کا افتتاح کردیا۔ اس منصوبے کا آغاز سائنسی طریقے سے کچرے کو ٹھکانے لگانے، ماحول کے تحفظ اور کچرے کی نقل و حمل کو بہتر بنانے کے ذریعے کراچی میں ٹھوس کچرے کے انتظامی نظام کو جدید بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ وزیراعلیٰ نے فیتہ کاٹ کر منصوبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ جام چاکرو میں پہلے جدید میکانائزڈ لینڈ فل پروجیکٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان میں غربت کورونا وبا سے پہلے کی سطح سے بھی بڑھ گئی، عالمی بینک

مہنگائی، اور معاشی مشکلات نے عوام کی قوت خرید متاثر کردی

خطے کے یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی والے انتہائی غریب افراد میں 48 فیصد پاکستانی شامل

کراچی (این این آئی) عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ، شمالی افریقا، افغانستان اور پاکستان پر مشتمل خطے میں یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی پر گزارا کرنے والے انتہائی غریب افراد میں 48 فیصد پاکستان میں رہتے ہیں، جبکہ یہ دنیا کا واحد خطہ ہے جہاں غربت کی شرح اب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پاکستان میں ڈیجٹ سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت

کاروباری وفد کا ایس آئی ایف سی کا دورہ، نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں وفد کو خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ بھی دی گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں ڈیجٹ کاروباری وفد نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کا دورہ کیا، جہاں وفد کو پاکستان میں سرمایہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص اور علاج زندگیاں بچانے کیلئے ناگزیر ہے، بلاول بھٹو

آگاہی کے ساتھ معائنے اور علاج کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

غریب اور دور دراز علاقوں کی خواتین کو طبی سہولیات کی منصوبہ بندی میں ترجیح دینا ہوگی، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ خواتین کو چھاتی کے سرطان سے متعلق درست معلومات، بروقت تشخیص اور معیاری علاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

باسمتی چاول کی برآمدات تقریباً تین گنا بڑھ گئیں، رفیق سلیمان

پاکستان کی چاول برآمدات میں 150 فیصد اضافہ، ستمبر میں 4 لاکھ 20 ہزار ٹن سے زائد چاول برآمد

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں مجموعی برآمدات 10 لاکھ 75 ہزار ٹن تک پہنچ گئیں، سابق صدر ریپ



کراچی (علیم نواب خان) پاکستان کی چاول کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور ستمبر 2026 کے دوران 4 لاکھ 20 ہزار 277 میٹرک ٹن چاول بیرون ملک بھیجا گیا، جبکہ گزشتہ سال اسی مہینے میں یہ مقدار ایک لاکھ 68 ہزار 322 میٹرک ٹن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

تھی۔ ایف پی سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن رفیق سلیمان نے چاول کی برآمدات کے تازہ اعداد و شمار کو ملکی چاول کی صنعت کے لیے حوصلہ افزا قرار دیا ہے۔ ان کے مطابق ستمبر 2026 میں گزشتہ سال کے مقابلے میں برآمدات کے حجم میں

کراچی میں پانی کا بحران سنگین، فیڈرل بی ایریا اور مواچھ گوٹھ کے مکین پریشان

جب ریور روڈ اور نارتھ ورن بائی پاس ٹریفک کے لیے بند، فیڈرل بی ایریا میں بھی سپلائی متاثر ہونے کی شکایات

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں | میں پانی کی قلت شدت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

نارتھ کراچی میں معمر میاں بیوی کے قتل کی تحقیقات میں پیش رفت

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی میں گھر کے اندر معمر میاں بیوی کے قتل کے واقعے کی تحقیقات میں پیش رفت ہوئی ہے۔ پولیس نے گھر میں مرمت اور تزئین و آرائش کا کام کرنے والے متعدد مزدوروں کو حراست میں لے کر پوچھ گچھ شروع کردی ہے۔ پولیس ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ناگزیر
نوجوانوں میں کاروباری سوچ کا فروغ معاشی ترقی کیلئے ناگزیر

محمد زکریا | اکبر ضیا

انٹرنیشنل معارف اسکولز کی طالبات کا پرنسپل ڈاکٹر زرفشان عدنان کی قیادت میں آئی سی سی آئی کا دورہ، کاروباری مواقع سے آگاہی حاصل کی

سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ، اور نائب صدر محمد وقاص خان نے کامیاب کاروباری شخصیت بننے کے لیے طالبات کو مفید مشورے دیئے

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیا نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ کاروبار، جدت اور اسٹارٹ اپس کے فروغ پر توجہ دیں اور ملازمتیں تلاش کرنے کے بجائے روزگار فراہم کرنے والے بننے کا ہدف مقرر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

نارتھ کراچی میں معمر میاں بیوی کے قتل کی تحقیقات میں پیش رفت

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی میں گھر کے اندر معمر میاں بیوی کے قتل کے واقعے کی تحقیقات میں پیش رفت ہوئی ہے۔ پولیس نے گھر میں مرمت اور تزئین و آرائش کا کام کرنے والے متعدد مزدوروں کو حراست میں لے کر پوچھ گچھ شروع کردی ہے۔ پولیس ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت

کاروباری وفد کا ایس آئی ایف سی کا دورہ، نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں وفد کو خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ بھی دی گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں ڈیجٹ کاروباری وفد نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کا دورہ کیا، جہاں وفد کو پاکستان میں سرمایہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

پاکستان میں سائبر جرائم کی شکایات میں 43 ہزار سے زائد کا اضافہ، 1 لاکھ 48 ہزار شکایات موصول

کراچی (این این آئی) پاکستان میں سائبر جرائم کی شکایات میں ایک سال کے دوران 43 ہزار سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کو 2026ء میں اب تک ایک لاکھ 48 ہزار 204 شکایات موصول ہو چکی ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اورنگی ٹاؤن کے بلوچ گوٹھ اور ملحقہ علاقوں میں پولیس کا سرچ آپریشن

داخلی و خارجی راستے بند کر کے تلاشی، بائیومیٹرک ڈیوائس کے ذریعے مشتبہ افراد کی تصدیق

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، ایس ایس پی ویسٹ

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس نے ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے سلسلے میں تھانہ اورنگی ٹاؤن کی حدود میں بلوچ گوٹھ اور ملحقہ علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ پولیس کے مطابق آپریشن سے قبل علاقے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کراچی ایئرپورٹ پر ممنوعہ غیر ملکی ادویات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام، خاتون گرفتار

مسقط سے آنے والی مسافر کے سامان سے 50 ہزار 340 گولیاں برآمد، ضبط شدہ ادویات کی مالیت 80 لاکھ 54 ہزار روپے سے زائد ہے، کسٹمز حکام

کراچی (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر کارروائی کرتے ہوئے ممنوعہ غیر ملکی ادویات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی اور مسقط سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سکھر میں قومی جونیئر بیڈمنٹن چیمپئن شپ کا آغاز

200 سے زائد کھلاڑی شریک، کبڈی میں بھی سندھ کی پنجاب کو شکست

سکھر (این این آئی) سندھ حکومت کے محکمہ | کھیل و امور نوجوانان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)



این بی پی کے گروپ چیف انٹرنیشنل بینکنگ ریاض حسین اور ہیڈ آف مارکیٹنگ امارات راشد الاسلام پاسبان اسکیم آگاہی مہم انعامات دینے کے موقع پر

پاسبان اسکیم اوورسیز پاکستانیوں کیلئے بہترین اینیشی ایٹو ہے

ریاض حسین

زرمبادلہ میں اضافہ ہوگا اور اوورسیز پاکستانیز اس اسکیم سے بھرپور استفادہ حاصل کرسکیں گے، گروپ چیف این بی پی انٹرنیشنل

پہلی قرعہ اندازی پندرہ جنوری کو پاکستان میں ہوگی، ڈاکٹر ظفر طاہر اور ہیڈ آف مارکیٹنگ امارات این بی پی راشد الاسلام کا مکالمہ

دبئی (رپورٹ/ حافظ زاہد علی) حکومت پاکستان کی طرف سے اوورسیز پاکستانیوں کے لیے سولہ ارب روپے سالانہ کی پاسبان ریمیٹنس ریوارڈ اسکیم کی آگاہی مہم جاری اس حوالے سے دبئی میں منعقدہ رنگا رنگ تقریب میں تارکین وطن کو پاسبان اسکیم کی آگاہی دی گئی شریک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

صنعت کار انسداد جرائم کیلئے پولیس سے تعاون کیلئے پرعزم، عبدالہادی

شاہین فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنیکا خیر مقدم، مانیٹرنگ بہتر ہوگی

امن ہوگا تو صنعت چلے گی، برآمدات بڑھیں گی، صدر سائٹ ایسوسی ایشن

کراچی (علیم نواب خان سے) سائٹ صنعتی ایریا کے صنعتکاروں نے صنعتی زون میں امن و امان کی بہتری اور جرائم کی روک تھام کیلئے محکمہ پولیس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کا عزم ظاہر کیا اور شاہین فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور اس کے جوانوں کو بلٹ پروف جیکٹس، پٹرولنگ کیلئے موٹر سائیکلیں اور جدید حفاظتی و یونیفارم کٹ فراہم کرنے کے اقدامات کو امن و امان کے دیرپا قیام کیلئے انتہائی اہم قرار دیا جس سے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیوں کو مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ سائٹ کے صدر عبدالہادی نے ایڈیشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

کراچی: ڈکیتی مزاحمت پر زخمی شہری ایمبولینس کا انتظار کرتے ہوئے دم توڑ گیا

جناح اسپتال منتقلی کے دوران دم توڑ گیا، رواں سال ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق شہریوں کی تعداد 62 ہوگئی

کراچی (این این آئی) اسٹیل ٹاؤن کے قریب | ڈکیتی کے دوران مزاحمت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



اسلام آباد انٹرنیشنل معارف اسکولز کے طلبہ کے وفد کی چیمبر ہاؤس کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو، جس میں صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد ذکریا اکبر ضیا، پرنسپل ڈاکٹر زرفشان عدنان، سینئر نائب صدر محمد اشفاق چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان، ایگزیکٹو ممبر ابرار الحق سابق سینئر نائب صدر نوید ملک، ایگزیکٹو ممبر زوہیب ارشد ملک، سینئر ممبر نعمان بھٹی اور دیگر شرکا موجود ہیں۔



کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری یوم شہدائے جمہوریت کے موقع پر یادگار شہداء، کارساز پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں، آصفہ بھٹو زرداری، مراد علی شاہ، نثار احمد کھوڑو، سعید غنی، وقار مہدی اور عثمان غازی بھی ہمراہ موجود ہیں

روزنامہ قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
کراچی
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

غربت کے خاتمے کا عالمی دن۔۔۔۔!

پاکستان سمیت دنیا بھر میں غربت کے خاتمے کا عالمی دن ''سب کے لئے محفوظ گھر'' کے عنوان سے منایا گیا۔ اِس موقع پر مختلف سرکاری، غیر سرکاری اور فلاحی اداروں کے زیر اہتمام منعقدہ تقریبات میں غربت کی شرح کم کرنے کے لئے کیے جانے والے اقدامات سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ عالمی سطح پر اِس کو منانے کا بنیادی مقصد دنیا بھر سے غربت اور محرومی کے خاتمے کے علاوہ انسانی حقوق اور وقار کا تحفظ کرنا ہے۔ یاد رہے کہ 17 اکتوبر 1987ء کو فرانس کے شہر پیرس میں ایک لاکھ سے زائد افراد غربت اور بھوک کے شکار لوگوں سے یکجہتی کے لئے جمع ہوئے، بعدازاں، اقوامِ متحدہ نے 1992ء میں اِسے باقاعدہ طور پر عالمی سطح پر منانے کی منظوری دے دی تاکہ دنیا بھر میں غربت کے حوالے سے حساسیت پیدا کی جاسکے، عوامی شعور کو فروغ مل سکے، پسماندہ خاندانوں کے حقوق کا تحفظ ہو اور اُن کے بنیادی انسانی حقوق اور وقار کو بحال کیا جاسکے۔ وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے اِس حوالے سے خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ غربت کا خاتمہ محض مالی ہدف نہیں بلکہ بنیادی انسانی حق ہے۔ اُنہوں نے زور دیا کہ تعلیم، صحت، ہُنر اور معاشی مواقع کی فراہمی سے ہی روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے جبکہ حکومت ترقی کے اِس سفر میں کسی کو بھی پیچھے نہیں چھوڑے گی۔ اِس دن کی مناسبت سے بین الاقوامی امدادی تنظیم ''ایکشن ایگینسٹ ہنگر'' نے ایک رپورٹ جاری کی جس کے مطابق پاکستان دنیا کے اُن دس ممالک میں شامل ہے جو عالمی بھوک کے بحران سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ ''دنیا کے 10 بڑے غذائی بحران'' کے عنوان سے شائع ہونے والی اِس رپورٹ میں خبردار کیا گیا کہ معاشی اشاریوں میں کچھ بہتری کے باوجود 2026ء کے دوران پاکستان میں ایک کروڑ چھ لاکھ افراد کو انسانی امداد کی شدید ضرورت ہوگی۔ رپورٹ میں نشاندہی کی گئی کہ عالمی سطح پر 10 ممالک میں شدید بھوک سے متاثرہ قریباً 17 کروڑ 70 لاکھ افراد مقیم ہیں جبکہ گزشتہ ایک دہائی میں ان افراد کی تعداد دوگنا ہوچکی ہے۔ اِس وقت دنیا کے 47 ممالک میں 26 کروڑ 60 لاکھ سے زائد افراد غذائی قلت سے نبرد آزما ہیں، بھوک سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں نائجیریا، کانگو، سوڈان، یمن، افغانستان، میانمار، بنگلہ دیش، پاکستان، جنوبی سوڈان اور شام شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غربت، خوراک کی بلند قیمتیں، بڑھتے اخراجات، روزگار کے محدود مواقع اور گھریلو آمدنی میں کمی عوام کی قوتِ خرید کو مسلسل متاثر کررہی ہے جبکہ زرعی اجناس کی ناموافق قیمتوں اور معاشی عدم استحکام نے لوگوں کے ذرائع معاش کو شدید نقصان پہنچایا ہے جس کے نتیجے میں لاکھوں خاندانوں کیلئے مناسب خوراک کا حصول مشکل ہوچکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق موسمیاتی آفات، معاشی مشکلات، نقل مکانی اور انسانی امداد کی کمی نے کمزور طبقات کو شدید غذائی عدم تحفظ سے دوچار کردیا ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے چند علاقوں میں بدامنی کے باعث ذرائع معاش متاثر ہورہے ہیں، منڈیوں تک رسائی محدود ہے اور امدادی کارروائیوں میں دشواریاں پیش آرہی ہیں۔ اِس کے علاوہ ''گلوبل ہنگر انڈیکس'' کے مطابق پاکستان عالمی سطح پر بھوک کے لحاظ سے 122 ممالک میں سے 106 ویں نمبر پر ہے اور اِس کا سکور 25.5 ہے۔ اِن اعداد و شمار کے مطابق ملک کی 16.1 فیصد آبادی غذائی قلت کا شکار ہے اور مستقبل میں اِس شرح میں مزید اضافے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں یہ تلخ حقیقت بھی واضح کی گئی ہے کہ پورے ایشیاء میں افغانستان کے بعد پاکستان اِس بحران سے دوچار ہونے والا دوسرا بڑا ملک ہے۔ دونوں رپورٹیں پاکستان میں بھوک کے بڑھتے ہوئے عفریت کو خطرناک حد تک پھیلا ہوا قرار دیتی ہیں۔ جہاں اِن میں تشویشناک حقائق کا انکشاف کیا گیا ہے، وہاں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ 2018ء سے قبل بھوک کا بحران اِس قدر بے قابو نہیں تھا بلکہ ایک متوازن حد کے اندر تھا تاہم 2018ء کے بعد سے صورتحال میں تیزی سے بگاڑ آنا شروع ہوا۔



سندھ حکومت آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے معاملے پر متحرک ہے، نواب تیمور ٹالپر

کنری کی مرچ منڈی کے میگا پروجیکٹ کے لیے سندھ کابینہ کی منظوری کے بعد فنڈز مختص کردیے گئے ہیں اور جلد اس منصوبے پر کام شروع کرایا جائے گا



کنری (رپورٹ رضوان مغل) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن سندھ اسمبلی نواب تیمور ٹالپر نے کہا ہے کہ سندھ حکومت آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے معاملے پر متحرک ہے اور عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ گندم کی خرید و فروخت، ذخیرہ اندوزی، مرچ منڈی کے میگا پروجیکٹ اور مٹھڑاؤ کینال سے پائپ لائن بچھانے کے منصوبے سمیت مختلف عوامی مسائل پر حکومت توجہ دے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ٹیل آباد گارویلفیئر ایسوسی ایشن کے رہنماؤں حاجی زاہد نون، محمد پرویز، الیاس جٹ اور دیگر نے کنری میں اہم پریس کانفرنس



کنری (نامہ نگار) ٹیل آباد گارویلفیئر ایسوسی ایشن کے رہنماؤں حاجی زاہد نون، محمد پرویز، الیاس جٹ اور دیگر نے کنری میں اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے مٹھڑاؤ کینال اور نبی سرواہ سے مبینہ غیر قانونی پائپ لائنیں نکالنے، واٹر کورسز کی غیر قانونی ری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سانحہ کارساز کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے پیپلز پارٹی ضلع غربی کے زیرِ اہتمام پروقار تقریب، قرآن خوانی اور خصوصی دعا



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کی خصوصی ہدایات پر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع غربی کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ویسٹ آفس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

محکمہ کھیل و امورِ نوجوانان سندھ کے تعاون سے ارباب امیر حسن کرکٹ ٹورنامنٹ اختتام پذیر

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) محکمہ کھیل و امورِ نوجوانان سندھ کے تعاون اور رکنِ سندھ اسمبلی ارباب لطف اللہ کی سرپرستی میں 16 سے 18 اکتوبر تک ارباب امیر حسن کرکٹ گراؤنڈ، مٹھی میں ڈویژنل سطح کا کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کیا گیا، جس میں تھرپارکر اور میرپور خاص ڈویژن کی 16 ٹیموں نے حصہ لیا۔ ٹورنامنٹ کا فائنل تھرپارکر کی مقامی ٹیموں ارباب امیر حسن کرکٹ ٹیم اور دھارانی لوورز کے درمیان کھیلا گیا۔ دلچسپ مقابلے کے بعد دھارانی لوورز نے چھ وکٹوں سے کامیابی حاصل کرکے چیمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔ تقریب میں ارباب جونیئر ارباب امیر حسن، ارباب رضا اللہ، ارباب عبدالرحمان، ڈویژنل کوآرڈینیٹر اسپورٹس واشدیو مالی، سشیل سوئی، تاجر ایسوسی ایشن کے صدر شام سندر، اسلم قائم خانی سمیت دیگر معزز شخصیات، تاجروں، شہریوں اور کرکٹ شائقین نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات غوث محمد پٹھان کی سینئر صحافی بختیار شاہ سے بھتیجی کے انتقال پر تعزیت

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات میرپور خاص غوث محمد پٹھان نے اسسٹنٹ عرفان احمد شیخ کے ہمراہ میرپور خاص کے سینئر صحافی بختیار شاہ سے ان کی بھتیجی کے رضائے الٰہی سے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر غوث محمد پٹھان نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب کرے اور تمام لواحقین کو یہ صدمہ صبر و ہمت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

عمرکوٹ گورنمنٹ ڈگری کالج میں ووٹ کی اہمیت پر آگاہی سیشن، 51 شرکاء کی خصوصی شرکت، صدارت اسسٹنٹ الیکشن مشنر عمرکوٹ لطیف علی مستوئی نے کی

کنری (رپورٹ رضوان مغل) الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی ووٹر ایجوکیشن کمیٹی (DVEC) عمرکوٹ کے زیر اہتمام گورنمنٹ بوائز ڈگری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



وائی ڈی اے کراچی کی سول اسپتال کے ڈاکٹروں کے خلاف مبینہ بلیک میلنگ کی مذمت، ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کا اعلان



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن (وائی ڈی اے) کراچی ڈویژن کے صدر ڈاکٹر شہریار رضا نے سول اسپتال کراچی کے شعب؟ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

میرپور خاص سٹلائٹ ٹاؤن کے رہائشی علاؤالدین ملک نے قرآن مجید ہاتھ میں اٹھا کر اللہ تعالیٰ کی ذات پر فیصلہ چھوڑ دیا

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) میرپور خاص سٹلائٹ ٹاؤن کے رہائشی علاؤالدین ملک نے قرآن مجید ہاتھ میں اٹھا کر اللہ تعالیٰ کی ذات پر فیصلہ چھوڑ دیا۔ وگ میرے فوٹو لگا رہے قرآن مجید ہاتھ میں اٹھا کر کہتا ہوں کہ میں نے کوئی غلط کام نہیں کر رہا۔ علاؤالدین ملک۔ تفصیلات کے مطابق میرپور خاص کے علاقے سٹلائٹ ٹاؤن میں علاؤالدین ملک نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسلام کی حقانیت آشکار ہونے پر قادیانی خاتون عقیدہ ختم نبوت پر ایمان لاتے ہوئے دائرہ اسلام میں داخل

کنری (رپورٹ رضوان مغل) اسلام کی حقانیت آشکار ہونے پر قادیانی خاتون عقیدہ ختم نبوت پر ایمان لاتے ہوئے دائرہ اسلام میں داخل تفصیلات کے مطابق کنری کے محلہ امیر آباد کی رہائشی 41 سالہ قادیانی خاتون نائلہ صدف بنت سعید احمد نے اسلام کی حقانیت آشکار ہونے پر قادیانیت سے تائب ہوکر عقیدہ ختم نبوت پر اپنا غیر متزلزل ایمان لاتے ہوئے خانقاہ عالیہ گلزار خلیل سامارو کے سجادہ نشین پیر محمد ایوب جان مجددی سرہندی کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا، خاتون کا اسلامی نام نائلہ صدف ہی برقرار رکھا گیا، اس موقع پر نومسلم خاتون نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس نے بغیر کسی لالچ اور دباؤ کے جھوٹے مذہب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)



نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
برطانوی پاؤنڈ	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

Roundup Pakistan

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

روٹری کے ساتھ کام کرنا چاہتا ہوں، عزیز میمن، شہزاد صابر کی ٹیم کو خراج تحسین پیش، ناصر شاہ

صوبائی وزیر بلدیات کا این ایونگ فار روٹری لیڈر شپ ایوارڈز میں بطور مہمان خصوصی خطاب، سندھ حکومت آپ کے ساتھ ہے

روٹری انٹرنیشنل لیڈر عزیز میمن، ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر، پی ڈی جیز ڈاکٹر آفتاب امام، ڈاکٹر فرحان عیسیٰ، راحینہ ارشاد نے کیا پرتپاک استقبال

1.25 ملین امریکی ڈالر مالیت کے روٹری گلوبل گرانٹس کی فراہمی کا جشن منایا گیا، عرفان قریشی، محمد امان پیر، شاہد اسماعیل بھی موجود



کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ نے پی سی ہوٹل کراچی میں روٹری انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 3271 کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب ''کمیونٹی سروس امپیکٹ، این ایونگ فار روٹری لیڈر شپ'' میں خصوصی مہمان کی حیثیت سے شرکت کی۔ تقریب کا بنیادی مقصد معاشرے کے محروم طبقات کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے روٹری کی خدمات کو اجاگر کرنا، فلاحی منصوبوں کی کامیابیوں کا جشن منانا اور حکومت و سماجی اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا تھا۔ اس موقع پر روٹری رہنماؤں، سماجی خدمت سے وابستہ شخصیات اور دیگر شرکاء نے کمیونٹی کی بہتری کے لیے مشترکہ اقدامات کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر نے وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ کا استقبال کیا۔ اس موقع پر پی ڈی جیز ڈاکٹر آفتاب امام، ڈاکٹر فرحان عیسیٰ، ڈسٹرکٹ چیئر برائے سروس پروجیکٹس، راحینہ ارشاد، ڈسٹرکٹ سیکرٹری برائے سروس پروجیکٹس اور روٹری کے دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ شرکاء نے کمیونٹی سروس کے مختلف پہلوؤں، سماجی ترقی کے امکانات اور عوامی ضروریات کے مطابق فلاحی منصوبوں کی تشکیل پر گفتگو کی۔ سید ناصر حسین شاہ نے روٹری انٹرنیشنل کی جانب سے انسانی خدمت کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو اہم قرار دیتے ہوئے روٹیرینز کے ساتھ مل کر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے روٹری رہنماؤں کو دعوت دی کہ وہ سندھ میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے حکومت سندھ کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری اداروں اور فلاحی تنظیموں کے درمیان مؤثر رابطہ اور مشترکہ حکمت عملی اختیار کرکے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ ان کے مطابق کمیونٹی کی حقیقی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کرنا ضروری ہے، تاکہ فلاحی سرگرمیوں کے ثمرات زیادہ سے زیادہ افراد تک پہنچ سکیں۔ تقریب کا ایک اہم پہلو روٹری سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران 1.25 ملین امریکی ڈالر مالیت کے روٹری گلوبل گرانٹس کی فراہمی کا جشن تھا۔ ان گرانٹس کا مقصد معاشرے کے محروم اور ضرورت مند طبقات کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے مختلف شعبوں میں عملی اقدامات کی معاونت کرنا ہے۔ ان منصوبوں میں صحت کی سہولیات کی بہتری، تعلیم کے فروغ، صاف پانی کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی ضروریات کو پورا کرنے جیسے اہم شعبے شامل ہیں۔ ان اقدامات کے ذریعے ضرورت مند افراد اور کمیونٹیز کو بہتر مواقع فراہم کرنے، معیار زندگی بلند کرنے اور معاشرتی ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ روٹری گلوبل گرانٹس کی فراہمی اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ منظم فلاحی سرمایہ کاری اور مقامی ضروریات پر مبنی منصوبے کمیونٹی کی سطح پر دیرپا تبدیلی لانے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ تقریب میں ان منصوبوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے سماجی خدمت کے دائرہ کار کو وسعت دینے اور فلاحی سرگرمیوں کو مزید نتیجہ خیز بنانے پر توجہ دی گئی۔ شہزاد صابر، ڈاکٹر فرحان عیسیٰ اور راحینہ ارشاد سمیت روٹری رہنماؤں نے سندھ و بلوچستان میں دیرپا فلاحی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا۔

تاجر برادری کے مسائل حل کرنا ترجیح، کاروباری تحفظات وزیر اعلیٰ تک پہنچاؤں گا، ملک محمد احمد خان

صنعت و تجارت سے متعلق قوانین اور قواعد و ضوابط میں کاروباری طبقے کی مشاورت کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے، صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر

حکومت اور لاہور چیمبر کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے، سردار عثمان غنی اور چوہدری خادم حسین کا مکالمہ

میاں مصباح الرحمٰن، ناصر حمید خان، خواجہ شاہ زیب اکرم، اجمل چوہدری، شاہد بہرام، شفیق محمود، ذوالفقار علی چوہدری اور شہباز اشرفی شاہ بھی موجود



لاہور (بزنس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے تاجروں کے مسائل کے حوالے سے آواز بلند کی ہے، جس سے نہ صرف کاروباری برادری کے معاملات حل ہوں گے بلکہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع بھی ملیں گے۔ اسی تناظر میں حالیہ انتخابات میں کلین سویپ کرنے والے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداروں نے اپنے مسائل اجاگر کرنے اور حکومتی پلیٹ فارم پر آواز بلند کرنے کے لیے خصوصی تقریب کا انعقاد کیا، جس کے مہمانِ خصوصی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان تھے۔ اس موقع پر اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے لاہور چیمبر کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب اسمبلی کاروباری برادری کا اہم ادارہ ہے اور چیمبر کے نمائندے اپنے مسائل اور تجاویز کے ساتھ جب چاہیں اسمبلی آسکتے ہیں۔ انہوں نے کاروباری برادری کے ساتھ مشاورت اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تحفظات اور قوانین میں ترامیم سے متعلق تجاویز کا جائزہ لے کر متعلقہ حکام کے سامنے اٹھایا جائے گا، تاکہ کاروباری برادری کو درپیش مسائل حل کیے جاسکیں۔ تاجر برادری کے تعاون اور مشاورت کے بغیر ملکی معیشت ترقی نہیں کرسکتی۔ کاروباری برادری ملکی معیشت کی ترقی کا اہم محرک ہے۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ایسے قوانین بنائے جائیں جن سے عوام کو فائدہ پہنچے اور جنہیں مسابقت کے لیے نہیں بلکہ آسانی کے لیے نافذ کیا جائے، تاکہ کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے۔ غیر ضروری ضابطہ کاری کاروبار اور سرمایہ کاری کی راہ میں مسائل پیدا کرتی ہے، اس لیے کاروباری طبقے کے مسائل حل کرنے کے لیے حکومت اور چیمبر کے درمیان مکمل رابطہ ضروری ہے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ کاروباری برادری کی نمائندگی اور مشاورت کے ساتھ پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دیا جارہا ہے۔ کاروبار دوست ماحول، شفافیت اور غیر ضروری قانونی و انتظامی رکاوٹوں کا خاتمہ سرمایہ کاری کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے لاہور چیمبر پر زور دیا کہ بجٹ کی تیاری کے موقع پر کاروباری طبقے کی مشکلات سے متعلق تجاویز، قوانین اور کاروباری مسائل پر حکومت کے سامنے اپنی تجاویز پیش کرے۔ کاروباری طبقے کی مشاورت سے ایسی پالیسیاں تشکیل دی جاسکتی ہیں جو ملکی ترقی کے لیے اہم اور معاشی ترقی میں معاون ثابت ہوں۔ معاشی ترقی میں تعاون کے حوالے سے اسپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بہتر ماحول پیدا کرنا ضروری ہے، جس میں صاف ستھرا ماحول، معیاری شہری سہولیات اور کاروبار دوست پالیسیاں شامل ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صفائی، سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور شہری ترقی کے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات شہری سہولیات کی بہتری اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ ملک محمد احمد خان نے یقین دلایا کہ نظام میں شفافیت اور سرکاری اداروں میں بہتری کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔





بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

رہی ہے۔ کنری کی مرچ منڈی کے میگا پروجیکٹ کے لیے سندھ کابینہ کی منظوری کے بعد فنڈ مختص کر دیے گئے ہیں اور جلد اس منصوبے پر کام شروع کرایا جائے گا۔تفصیلات کے مطابق رکن سندھ اسمبلی نواب تیمور تالپر نے فضل عمر ہائیر سیکنڈری اسکول کنری میں کمپیوٹر لیب کے افتتاح کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گندم کی فصل کی کٹائی کے وقت جب مارکیٹ میں گندم کے نرخ کم تھے تو کاشت کاروں نے اپنی گندم فروخت نہیں کی، تاہم بعد میں جب گندم کی قیمتوں میں اضافہ ہوا تو مختلف افراد نے گندم ذخیرہ کرنا شروع کردی۔ان حالات میں انتظامیہ کو ذخیرہ شدہ گندم کی برآمدگی کے لیے کارروائی کرنا پڑی اور بعض مقامات پر لوگوں سے گندم ضبط کی گئی۔انہوں نے کہا کہ گندم کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور آٹے کے نرخوں میں اضافے کے معاملے پر سندھ حکومت متحرک ہے۔ان کا کہنا تھا کہ آئندہ سال گندم کی قیمت مزید بڑھنے کا امکان ہے، جس کے پیش نظر گندم اور آٹے سے متعلق معاملات اہمیت رکھتے ہیں۔نواب تیمور تالپر نے کنری کی مرچ منڈی کے میگا پروجیکٹ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کا معاملہ سندھ کابینہ کے اجلاس میں اٹھایا گیا تھا، جہاں سے منظوری ملنے کے بعد منصوبے کے لیے رقم مختص کر دی گئی ہے۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ مرچ منڈی کے میگا پروجیکٹ پر جلد کام شروع کرایا جائے گا۔واضح رہے کہ کنری مرچ کی تجارت کے حوالے سے اہم مقام رکھتا ہے اور مرچ منڈی کی ترقی کو مقامی تاجروں، کاشت کاروں اور کاروباری حلقوں کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے۔منصوبے کی تکمیل سے منڈی میں کاروباری سرگرمیوں اور تجارتی سہولیات کو بہتر بنانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔مٹھراؤ کینال سے پائپ لائن بچھانے کے منصوبے کے حوالے سے رکن سندھ اسمبلی نواب تیمور تالپر نے کہا کہ اس معاملے پر تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو ایک ساتھ بٹھا کر مشاورت کے بعد فیصلہ کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اگر عوام اس منصوبے کو بند کرنے پر متفق ہوئے تو اسے بند کر دیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ اس معاملے میں تمام متعلقہ فریقین کی رائے کو اہمیت دی جائے گی اور باہمی مشاورت کے ذریعے فیصلہ کیا جائے گا، تاکہ عوام کے تحفظات کو سامنے رکھتے ہوئے کسی نتیجے پر پہنچا جا سکے۔دریں اثنا،نواب تیمور تالپر نے کنری کے فضل عمر ہائیر سیکنڈری اسکول کنری میں کمپیوٹر لیب کا افتتاح بھی کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کمپیوٹر لیب کے قیام سے طلبہ کو کمپیوٹر کی تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق بنیادی مہارتیں سیکھنے کا موقع ملے گا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں کمپیوٹر کی تعلیم طلبہ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، اس لیے تعلیمی اداروں میں جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی ضروری ہے۔کمپیوٹر لیب کے ذریعے طلبہ کو عملی تربیت حاصل کرنے اور اپنی تعلیمی صلاحیتوں کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

کالج سامارو میں نوجوانوں میں ووٹ کی اہمیت، ووٹر رجسٹریشن اور جمہوری عمل میں فعال شرکت کے حوالے سے ایک آگاہی سیشن منعقد کیا گیا، جس میں 51 شرکاء نے شرکت کی، سیشن کی صدارت اسسٹنٹ الیکشن کمشنر عمرکوٹ جناب لطف علی مستوئی نے کی، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج سامارو کے پرنسپل جناب جے دیو کمار نے شرکاء کو خوش آمدید کہا اور ووٹ کے اندراج اور حق رائے دہی کے استعمال کی اہمیت پر روشنی ڈالی، انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنے انتخابی حقوق سے آگاہی حاصل کریں اور جمہوری عمل میں بھرپور حصہ لیں، اسسٹنٹ الیکشن کمشنر عمرکوٹ جناب لطف علی مستوئی نے خطاب کرتے ہوئے ووٹ کی اہمیت اور انتخابی عمل میں فعال شرکت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ووٹ صرف شہری کا بنیادی حق نہیں بلکہ ایک اہم قومی ذمہ داری بھی ہے، جس کے ذریعے عوام ملک کے مستقبل کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ پولنگ کے دن ہر ممکن کوشش کرتے ہوئے اپنا ووٹ ضرور کاسٹ کریں، کیونکہ ہر ووٹ اہمیت رکھتا ہے اور انتخابی نتائج پر اثر انداز ہو سکتا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان ملک میں جمہوریت کے استحکام میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔طلبہ کو چاہیے کہ وہ اپنے اہلِ خانہ اور اردگرد کے لوگوں میں ووٹر رجسٹریشن، انتخابی حقوق اور ووٹ ڈالنے کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی پھیلائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ اہل شہری انتخابی عمل میں حصہ لے سکیں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ذمہ دارانہ اور باشعور انتخابی شرکت ایک مضبوط جمہوری نظام اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، اسسٹنٹ کمشنر سامارو جناب نجیب کمار نے اپنے خطاب میں ووٹ ڈالنے کی اہمیت اور پولنگ ڈے کے طریقہ کار کے بارے میں شرکاء کو آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام میں ہر ووٹ اہمیت رکھتا ہے اور شہریوں کو اپنی قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنا چاہیے، لیکچرار جناب محمد محسن رضا خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ ووٹ جمہوریت کا ایک اہم حصہ ہے۔انہوں نے ابراہم لنکن کے جمہوریت سے متعلق مشہور قول ''عوام کی حکومت، عوام کے ذریعے، عوام کے لیے'' کا حوالہ دیتے ہوئے جمہوری نظام کو مضبوط بنانے میں عوامی شرکت کی اہمیت اجاگر کی، اس موقع پر مختلف طلبہ نے بھی تقاریر کیں اور جمہوری نظام میں ووٹ کی اہمیت، نوجوانوں کے کردار اور انتخابی عمل میں ذمہ دارانہ شرکت کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر آفس عمرکوٹ کے سینئر اسسٹنٹ جناب جسروپ داس نے ضلعی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی (DVEC) کے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے شرکاء کو بریفنگ دی، انہوں نے ووٹر رجسٹریشن، قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے حصول اور انتخابی فہرستوں میں ووٹ کے اندراج، درستگی اور منتقلی کے طریقہ ؟ کار کے بارے میں آگاہ کیا۔انہوں نے متعلقہ انتخابی فارموں، یعنی فارم 21،22 اور 23 کے حوالے سے بھی رہنمائی فراہم کی، پروگرام کے دوران شرکاء کے سوالات کے جوابات دیے گئے اور ووٹر رجسٹریشن، شناختی کارڈ اور ووٹ ڈالنے کے طریقہ کار سے متعلق امور پر رہنمائی فراہم کی گئی۔شرکاء کو ترغیب دی گئی کہ وہ ووٹر آگاہی کے پیغامات اپنے خاندانوں اور برادریوں تک پہنچائیں تاکہ جمہوری عمل میں زیادہ سے زیادہ اہل شہریوں کی شرکت یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

شرکت کی۔تقریب کے دوران فاتح اور رنر اپ ٹیموں میں انعامات تقسیم کیے گئے، جبکہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو بھی ایوارڈز دیے گئے۔ٹورنامنٹ کا مقصد نوجوانوں میں کھیلوں کو فروغ دینا، کرکٹ کے ٹیلنٹ کو اجاگر کرنا اور تھرپارکر و میرپورخاص ڈویژن کے کھلاڑیوں کے درمیان بھائی چارے، ہم آہنگی اور کھیلوں کے جذبے کو فروغ دینا تھا۔

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

امراضِ نسواں سے وابستہ ڈاکٹر فرزانہ مجیب رواسیہ، ڈاکٹر ماہ نور اور ڈاکٹر سحر کے خلاف پانچ کروڑ روپے کے ہرجانے کے دعوے کے ذریعے مبینہ بلیک میلنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے ڈاکٹروں کے دفاع اور ان کے پیشہ ورانہ وقار کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر قانونی جدوجہد کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہوائی ڈی اے کے چیئرمین ڈاکٹر محبوب نوناری اور سینئر رہنما ڈاکٹر رانا دلدار کی ہدایات پر ڈاکٹر شہریار رضا نے اس معاملے پر سول اسپتال کراچی کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر خالد بخاری سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور ڈاکٹروں کے خلاف قانونی کارروائی کے مبینہ غلط استعمال پر اپنے تحفظات پیش کیے۔ان کا کہنا تھا کہ اطلاعات کے مطابق مریض کی تشویشناک حالت کے حوالے سے تحریری رضامندی موجود تھی، جبکہ سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن کی انکوائری بھی تاحال مکمل نہیں ہوئی تھی اس موقع پر ڈاکٹر خالد بخاری نے متاثرہ ڈاکٹروں کی حمایت اور طبی برادری کے ساتھ کھڑے رہنے کی یقین دہانی کرائی ڈاکٹر شہریار رضا نے کہا کہ وائی ڈی اے اپنے ڈاکٹروں کو تنہا نہیں چھوڑے گی انہوں نے واضح کیا کہ ایڈووکیٹ عمران بھٹو اور وائی ڈی اے کی قانونی ٹیم اس معاملے پر کام کر رہی ہے اور الزامات کی قانونی جانچ کے بعد اگر کسی فریق کی جانب سے بلیک میلنگ، بدنیتی یا جھوٹے الزامات ثابت ہوئے تو قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ سول اسپتال کراچی، جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر اور عباسی شہید اسپتال ہزاروں غریب اور مستحق مریضوں کے لیے اہم طبی مراکز ہیں ڈاکٹروں کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے یا دباؤ میں لانے کے واقعات طبی عملے کے اعتماد اور عوامی صحت کی خدمات کو متاثر کر سکتے ہیں ڈاکٹر شہریار رضا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وائی ڈی اے کراچی، شہر بھر کے ڈاکٹروں کے حقوق کی، عزت، پیشہ ورانہ آزادی اور تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور کسی بھی ڈاکٹر کے خلاف ناانصافی کی صورت میں قانونی راستہ اختیار کیا جائے گا

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

میڈیا نمائندگان کو اپنا ویڈیو بیان ریکارڈ کراتے ہوئے کہا کہ نہ جانے چند لوگ کیوں میرے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اس وقت علاؤالدین ملک کے سامنے قرآن مجید بھی موجود تھا انہوں نے کہا کہ نجانے چند لوگ کس کے ایما پہ میرے فوٹو لگا رہے ہیں پھر علاؤالدین ملک نے جذبات میں آتے ہوئے اپنے ہاتھوں میں قرآن مجید لیتے ہوئے کہا کہ جو لوگ میرے فوٹو لگا رہے ہیں میں ان سے ہاتھوں میں قرآن مجید اٹھا کر کہتا ہوں کہ میں کوئی غلط کام نہیں کر رہا میں محنت مزدوری کر رہا ہوں۔اس موقع پر علاؤالدین ملک نے میڈیا نمائندگان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنی ویڈیوز آپ لوگوں سے شیئر کروں گا کہ میں محنت مزدوری کر رہا ہوں اور بچوں کا پیٹ پال رہا ہوں۔علاؤالدین ملک نے کہا کہ آئندہ آنے والے چند دنوں میں سب کو پتہ چل جائے گا کہ مجھے کون دھمکیاں دے رہا ہے اور کون پریشان کر رہا ہے۔علاؤالدین ملک نے ڈی۔آئی۔جی میرپورخاص ایس۔ایس۔پی میرپورخاص سے مطالبہ کیا کہ چند لوگ سوشل میڈیا پر مجھے حراساں کرنے کی کوشش کر رہے ہیں انکے خلاف بھرپور قانونی کارروائی کی جائے اور مجھے تحفظ فراہم کیا جائے۔ علاؤالدین ملک نے ویڈیو بیان ریکارڈ کراتے ہوئے حراساں کرنے والوں کے نام بھی بتا دیئے۔

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

قادیانیت سے بیزار ہوکر عقیدہ ختم نبوت پر ایمان لاتے ہوئے اسلام قبول کرکے اپنے آپ کو دامن مصطفیٰ سے وابستہ کرلیا ہے، اس نے کہا کہ اسلام ہی سچا مذہب ہے حضور نبی کریم ؐ ہی اللہ کے آخری رسول ہیں آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا جبکہ آپ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والا کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے، خاتون نے اپنے بیان میں اسلامی تعلیمات اور عقیدہ ختم نبوت سے اپنی وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے اسلام قبول کرنے کے عمل کو ان کی زندگی کا ایک اہم فیصلہ قرار دیا، واضح رہے کہ اس سے قبل اسلام کی حقانیت آشکار ہونے پر خاتون کے بھائی رانا نوید احمد سمیت خاندان کے دیگر افراد بھی دائرہ اسلام داخل ہو چکے ہیں، اس موقع پر وہاں موجود پیر ایوب جان مجددی سرہندی و دیگر شرکاء نے نو مسلم خاتون نائلہ صدف کو اسلام قبول کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس کیلئے استقامت دعا کی

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

میں سانحہ کارساز کے شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہداء کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی اور خصوصی دعا کا اہتمام کیا گیا تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی ضلع غربی کے عہدیداران، ذمہ داران، سینئر رہنماؤں اور جیالوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء سے اپنی والہانہ عقیدت، محبت اور نظریاتی وابستگی کا اظہار کیا اس موقع پر مقررین نے شہدائے کارساز کی جمہوریت، عوامی حقوق اور پاکستان پیپلز پارٹی کے نظریے کے لیے دی گئی عظیم قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہداء کا مشن ہمیشہ جاری وساری رہے گا انہوں نے کہا کہ شہدائے کارساز کی قربانیاں ہماری تاریخ کا روشن باب ہیں۔ان عظیم شہداء نے اپنے لہو سے جمہوریت کی شمع روشن کی، جس کی روشنی آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان کے دلوں میں زندہ ہے۔ان کی قربانیاں ہمیں یہ درس دیتی ہیں کہ جمہوریت، عوامی حقوق اور آئین کی بالادستی کے لیے جدوجہد کبھی رائیگاں نہیں جاتی مقررین نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ویسٹ آفس میں جیالوں کی بھرپور شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک نظریاتی جماعت ہے، جس کی بنیاد قربانی، وفاداری، عوامی خدمت اور جمہوریت پر قائم ہے۔شہداء کی یاد محض ایک تقریب نہیں بلکہ اپنے نظریے سے وفاداری اور جدوجہد جاری رکھنے کے عہد کی تجدید ہےانہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بےنظیر بھٹو کا فلسفہ آج بھی کارکنان کے دلوں میں زندہ ہے اور ''جمہوریت بہترین انتقام ہے'' کا نظریہ پاکستان پیپلز پارٹی کی جدوجہد کی بنیاد ہےتقریب کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں شہدائے کارساز کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے جمہوریت کے استحکام، عوام کی خوشحالی اور پاکستان کی ترقی کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی تقریب کے اختتام پر اللہ تعالیٰ سے دعا کی گئی کہ وہ شہدائے کارساز سمیت تمام شہدائے جمہوریت کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور ان کے لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔آمین

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

ڈیزائننگ اور پینے کے پانی کی فراہمی کے نام پر نئی اسکیمیں بنانے کے خلاف بھرپور جدوجہد شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔آبادگار رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ علاقے میں پہلے ہی پانی کی شدید قلت ہے، ایسے میں مزید پائپ لائنیں بچھانے اور واٹر کورسز کی غیر قانونی ری ڈیزائننگ سے زرعی معیشت تباہ ہونے کے ساتھ شہریوں کو پینے کے پانی کی فراہمی بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے آبادگار رہنماؤں نے کہا کہ مٹھراؤ کینال اور نبی سرواہ سے پینے کے پانی کی فراہمی کے نام پر کروڑوں روپے کی لاگت سے نئی واٹر سپلائی اسکیمیں بنائی جا رہی ہیں، حالانکہ ان کے بقول بعض علاقوں میں اس نوعیت کی اسکیمیں پہلے ہی موجود ہیں اور کام کر رہی ہیں۔انہوں نے پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ عمرکوٹ پر الزام عائد کیا کہ مبینہ طور پر نئی اسکیموں کے نام پر سرکاری فنڈز میں بے ضابطگیاں کی جا رہی ہیں اور بعض منصوبوں میں پیشگی ادائیگیاں بھی کی گئی ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان اسکیموں کی منظوری، فنڈز کے اجراء، اخراجات اور عملی افادیت کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں۔آبادگار رہنماؤں کا کہنا تھا کہ مٹھراؤ کینال سے پائپ لائنیں نکالنے کے خلاف وہ پہلے ہی احتجاج کر رہے ہیں لیکن اب نبی سرواہ سے بھی چار سے پانچ پائپ لائنیں بچھانے کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں ان کے مطابق علاقے میں پہلے ہی زرعی پانی کی قلت ہے اور ٹیل کے آبادگار پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ایسے حالات میں مزید پائپ لائنوں کے ذریعے پانی منتقل کرنے سے کاشت کاری شدید متاثر ہو سکتی ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر پانی کی تقسیم کے نظام کو قانون اور مقررہ ضابطوں کے مطابق نہ چلایا گیا تو مستقبل میں زرعی پیداوار اور مقامی آبادی کی ضروریات پوری کرنا مشکل ہو جائے گا۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

بہراوکیمین بھی ان کے ہمراہ تھے۔سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ حکومت کی کوشش ہے کہ آئندہ چھ سے آٹھ ماہ کے دوران صوبے کے تمام اضلاع میں سڑکوں کی تعمیر کا کام شروع کیا جائے، تاکہ ہر علاقے کے عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کی اولین ترجیح ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنانا ہے اور اس سلسلے میں تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے، ہر منصوبے کا متعلقہ پراجیکٹ منیجر اپنے شعبے میں کام کر رہا ہے۔گرین لائن بی آر ٹی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ گزشتہ چار سے پانچ سال کے دوران سندھ میں ٹرانسپورٹ کے شعبے میں نمایاں کام ہوا ہے۔اس میں الیکٹرک اسکوٹیز، پاکستان کی پہلی الیکٹرک بسیں اور پنک بسیں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ گرین لائن بی آر ٹی پہلے سے تعمیر شدہ تھی، لیکن اس میں خواتین کے لیے مخصوص بسوں کی سہولت موجود نہیں تھی۔خواتین جب پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرتی ہیں تو انہیں مختلف مسائل اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ جب خواتین کو بہتر سفری سہولیات فراہم کی جاتی ہیں تو ان کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور والدین بھی اپنی بچیوں کو تعلیم اور دیگر ضروریات کے لیے باہر بھیجتے ہوئے زیادہ محفوظ محسوس کرتے ہیں۔سندھ حکومت نے خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں، جن کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔گرین لائن بی آر ٹی پر مسافروں کی تعداد کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ اعداد و شمار محض بیان دینے کے لیے پیش نہیں کیے جاتے۔جب گرین لائن وفاقی حکومت کے پاس تھی تو اس پر روزانہ تقریباً 50 ہزار مسافر سفر کرتے تھے۔سندھ حکومت نے اس نظام کی ذمہ داری سنبھالنے کے بعد اپنی حکمت عملی مرتب کی، محنت کی اور محکمہ ٹرانسپورٹ کی پوری ٹیم نے اس کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے کام کیا۔سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ آج گرین لائن بی آر ٹی پر روزانہ تقریباً 90 ہزار مسافر سفر کر رہے ہیں۔اگر وہ 90 ہزار مسافروں کا دعویٰ کر رہے ہیں تو اس کی بنیاد اعداد و شمار اور کارکردگی پر ہے۔وہ محض پریس بیان دینے کے لیے غلط اعداد و شمار پیش نہیں کر سکتے۔انہوں نے کہا کہ میڈیا اور دیگر حلقوں کو بھی ایسے اقدامات کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔وہی انفراسٹرکچر پہلے وفاقی حکومت کے پاس تھا، جب روزانہ تقریباً 50 ہزار مسافر سفر کرتے تھے، لیکن سندھ حکومت نے ایک سال کے اندر مسافروں کی تعداد کو تقریباً دوگنا کر دیا۔یہ فرق حکومتی عزم، بہتر حکمت عملی اور مسلسل محنت کے باعث ممکن ہوا ہے۔ایک اور سوال کے جواب میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ گرین لائن بی آر ٹی کی تعمیر اور اس کے روٹ کے ساتھ ساتھ دیگر بی آر ٹی منصوبوں کو باہم جوڑنا بھی ضروری ہے۔جس کے لیے ریڈ لائن اور یلو لائن کو بھی ایک دوسرے کے ساتھ منسلک کیا جا رہا ہے، تاکہ تمام بی آر ٹی منصوبوں کے درمیان سفری رابطہ قائم ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ منصوبہ یہ ہے کہ اورنج لائن کو گرین لائن کے ساتھ، گرین لائن کو ریڈ لائن کے ساتھ اور یلو لائن کو بھی ریڈ لائن کے ساتھ مربوط کیا جائے۔اس انضمام سے مسافروں کو ایک نظام سے دوسرے نظام میں منتقل ہونے اور اپنی منزل تک پہنچنے میں آسانی ہوگی۔سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے مزید کہا کہ یلو لائن کے مختلف حصوں، پلوں اور دیگر تعمیراتی کاموں پر بھی پیش رفت جاری ہے۔سندھ حکومت کی کوشش ہے کہ ان منصوبوں کو جلد مکمل کر کے ان کے درمیان مؤثر رابطہ قائم کیا جائے، تاکہ کراچی کے شہریوں کو ایک مربوط، جدید اور مؤثر سفری نظام فراہم کیا جا سکے۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ یلو لائن بی آر ٹی منصوبے اور ڈپو کی تعمیر کے حوالے سے ابھی سڑکوں کی کھدائی ہوگی جس سے کورنگی صنعتی ایریا میں ٹریفک کا نظام متاثر ہوگا اور شہریوں کو ایک سال کی تکلیف کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے مگر اس تکلیف اور قربانی کے ثمرات آنے والی نسلوں کیلیے ہوں گے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ پہلے والے تجربے کے بعد ہم بہت زیادہ محتاط ہو گئے ہیں اور ابھی سے یوٹیلیٹیز کی منتقلی کے لیے اداروں کو فنڈز فراہم کر دیے ہیں مگر شکایات ا؟ ئیں گی تو اس پر شہریوں سے پیشگی معذرت کرتا ہوں جبکہ ہم نے ریڈ لائن بی ا؟ رٹی میں پہنچنے والی تکلیف پر بھی معذرت کی تھی۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

چیئرمین نے نئے نامزد سی ای او کو ادارے کے تمام چیفس سے تعارف بھی کرادیا ہے، جس کے بعد پی آئی اے کی انتظامی قیادت میں تبدیلی کی اطلاعات سامنے آئی ہیں تاہم ان کی تقرری کو حتمی شکل دینے کے لیے متعلقہ قواعد وضوابط کے تحت ضروری منظوریوں اور رسمی کارروائیوں کی تکمیل باقی ہیں۔

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

کی ضرورت ہے۔نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ قیام پاکستان کے وقت کراچی ملک کا دارالحکومت تھا اور ان کے اجداد نے قائداعظم کے تصور کے تحت ہجرت کی تھی۔انہوں نے کہا کہ کراچی کی انتظامی حیثیت تبدیل کرتے ہوئے شہریوں سے رائے نہیں لی گئی۔انہوں نے کہا کہ 1970ء کی دہائی تک کراچی کا انتظامی ڈھانچہ موجودہ صورت حال سے مختلف تھا۔ان کے بقول صوبوں کی بحالی کے وقت نہ ریفرنڈم کرایا گیا اور نہ ہی عوامی رائے معلوم کی گئی، بلکہ انتظامی تبدیلیوں کے ذریعے کراچی کو سندھ کا حصہ بنا دیا گیا۔خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ ایم کیو ایم کے قیام سے بھی پرانا ہے اور ان کے آباؤ اجداد نے اس خطے کے لیے بے شمار قربانیاں دی تھیں۔انہوں نے سندھ کی پانچ ہزار سالہ تاریخ کا حوالہ دینے والوں سے متعلق کہا کہ اس تاریخ کا موجودہ ملکی تقسیم سے تعلق نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

مڈر مسعود چوہدری نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات پر بھاری لیویز کے بوجھ میں کمی کر کے عوام اور کاروباری طبقے کو ریلیف فراہم کرے، ایندھن کی بلند قیمتیں نقل و حمل، اشیائے ضروریہ اور پیداواری لاگت میں اضافے کا سبب بن رہی ہیں جس سے عام آدمی اور صنعت وتجارت دونوں متاثر ہو رہے ہیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ محصولات جمع کرنے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات پر انحصار کم اور ٹیکس وصولیوں کے نظام کو مؤثر بنائے۔پیٹرولیم لیوی کے ذریعے مسلسل آمدن حاصل کرنے کے بجائے ٹیکس چوری کی روک تھام، ٹیکس نیٹ میں توسیع اور غیر ضروری ٹیکس چھوٹ کے خاتمے پر توجہ دی جائے۔لگژری درآمدات پر بھاری ٹیکس عائد کر کے اضافی وسائل حاصل کیے جا سکتے ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ مقامی ریفائنریوں کی پیداواری لاگت اور عالمی منڈی کی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے نظام کا شفاف جائزہ لیا جائے۔اس کے ساتھ قیمتوں میں ردوبدل کے طریق کار، ٹیکسوں اور لیویز کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں تاکہ صارفین کو معلوم ہو سکے کہ فی لیٹر قیمت میں مختلف مدات کا کتنا حصہ ہے۔مڈر مسعود چوہدری نے مزید کہا کہ حکومت مہنگائی کے اثرات کم کرنے کے لیے کم آمدن والے طبقے، پبلک ٹرانسپورٹ اور چھوٹے کاروباروں کے لیے ہدفی ریلیف متعارف کرائے۔وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان محصولات کی منصفانہ تقسیم اور مالیاتی نظم و ضبط کو بھی یقینی بنایا جائے۔پیٹرولیم پالیسی کا بنیادی مقصد صرف حکومتی آمدن بڑھانا نہیں بلکہ معاشی سرگرمیوں کا فروغ، پیداواری لاگت میں کمی اور عوام کی قوت خرید کا تحفظ ہونا چاہیے۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

صحت پر توجہ دینا بھی ناگزیر ہے۔سرطان کے مریض اکثر اداسی، گھبراہٹ اور خوف کا شکار ہو جاتے ہیں، اس لیے انہیں حوصلہ دینے اور علاج کے دوران ذہنی معاونت فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔عالمی سطح پر چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے حوالے سے ڈاکٹر طیبہ کرن نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں کی ذہنی کیفیت کو نظرانداز کرنے کے بجائے ان کے مسائل کو سمجھنا اور مناسب معاونت فراہم کرنا ضروری ہے۔طبی علاج کے ساتھ ذہنی صحت کی دیکھ بھال پر مشتمل مربوط نظام مریضوں کی کیفیت بہتر بنانے اور علاج کے عمل میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔پروفیسر ڈاکٹر ادریس نے کہا کہ خواتین میں رحم کے منہ کا سرطان بھی ایک خطرناک مرض ہے، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔ان کے مطابق 9 سے 14 سال عمر کی بچیوں کو ویکسین لگوانے سے اس مرض سے تحفظ میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

دیں اور چھاتی کے سرطان کی علامات کو نظرانداز کرنے کے بجائے فوری طور پر مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ان کا کہنا تھا کہ خواتین میں اس مرض سے متعلق شعور اجاگر کرنا حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جبکہ خوف، جھجک اور غلط فہمیوں کا خاتمہ بھی ضروری ہے۔وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ صوبائی حکومت خواتین کو چھاتی کے سرطان کی تشخیص اور علاج کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔سرکاری اسپتالوں میں مفت میموگرافی اور جدید تشخیصی و علاج کی سہولیات کی فراہمی صحت کے شعبے میں اہم پیش رفت ہے۔مراد علی شاہ کے مطابق جناح اسپتال کراچی میں سائبر نائف جیسی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کینسر کے مریضوں کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ چھاتی کے سرطان کی مریضوں کے لیے شعاعوں کے ذریعے علاج کی سہولیات مزید بہتر بنانے کے اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔سائبر نائف اور ٹوموتھراپی جیسی جدید سہولیات صحت کے شعبے میں حکومتی سرمایہ کاری کی عکاس ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناح اسپتال اور ڈاکٹر رتھ فاؤ سول اسپتال کراچی میں کینسر کے علاج کے لیے خصوصی سہولیات موجود ہیں۔حکومت کا عزم ہے کہ شہری اور دیہی علاقوں کی خواتین کو معیاری طبی سہولیات تک رسائی فراہم کی جائے اور چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی ہر طبقے تک پہنچائی جائے۔وزیراعلیٰ سندھ نے عوام، ذرائع ابلاغ، طبی ماہرین اور سول سوسائٹی پر زور دیا کہ وہ چھاتی کے سرطان کے خلاف آگاہی مہم میں اپنا کردار ادا کریں۔ان کا کہنا تھا کہ خواتین کی صحت کا تحفظ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، کیونکہ صحت مند خواتین ہی صحت مند خاندان اور مضبوط معاشرے کی بنیاد ہیں۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت خواتین کی صحت کے تحفظ اور جدید علاج کی سہولیات کی فراہمی کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

سندھ کے ڈائریکٹوریٹ آف انسپیکشن اینڈ رجسٹریشن آف پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز نے نجی اسکولوں کے مالکان اور پرنسپلز کو عمارتوں کی ساختی مضبوطی، بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹ، بجلی اور گیس کی تنصیبات سمیت دیگر حفاظتی انتظامات یقینی بنانے کا حکم دیا ہے، جبکہ غیر محفوظ عمارتوں میں تعلیمی سرگرمیاں فوری معطل کرنے اور قانون کے مطابق ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ایڈیشنل ڈائریکٹر رجسٹریشن رفیعہ جاویدکی جانب سے 16 اکتوبر کو جاری کردہ مراسلے میں تمام نجی اسکولوں کے سربراہان اور منتظمین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان احکامات پر فوری اور مکمل عمل درآمد یقینی بنائیں۔مراسلے میں کہا گیا ہے کہ پشاور میں اسکول کی عمارت گرنے کا واقعہ تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی حفاظت اور طلبہ، اساتذہ اور دیگر عملے کی جان وسلامتی یقینی بنانے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔مراسلے کے مطابق تمام نجی اسکولوں کے مالکان اور پرنسپل اس بات کے ذمہ دار ہوں گے، کہ ان کی عمارتیں مضبوط، محفوظ اور تعلیمی سرگرمیوں کیلیے موزوں ہوں۔کسی بھی ایسی عمارت میں اسکول چلانے کی اجازت نہیں ہوگی جو وہاں موجود طلبہ اساتذہ یا دیگر افراد کی زندگیوں کیلیے خطرہ بن سکتی ہو۔محکمہ تعلیم نے ہدایت کی ہے کہ جن اسکولوں کی عمارتوں میں مرمت تزئین اور آرائش یا دیکھ بھال کی ضرورت ہے، وہاں فوری طور پر ضروری کام مکمل کیا جائے۔عمارت کے کسی ایسے حصے کو استعمال نہیں کیا جائے گا، جسے غیر محفوظ قرار دیا گیا ہو، جب تک اس کی مناسب مرمت کر کے اسے محفوظ قرار نہ دیدیا جائے۔مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ اگر کسی سکول کی عمارت خستہ حال، متاثرہ، ساختی طور پر کمزور یا کسی بھی وجہ سے غیر محفوظ پائی جائے تو اسکول کا مالک یا پرنسپل فوری طور پر متعلقہ ڈائریکٹوریٹ ہ ڈائریکٹوریٹ آف انسپیکشن اینڈ رجسٹریشن آف پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز کو آگاہ کرے۔ایسی عمارت میں تعلیمی سرگرمیاں فوری طور پر معطل کر دی جائیں گی۔متعلقہ ڈائریکٹوریٹ متاثرہ طلبہ کو قریبی محفوظ اسکولوں میں منتقل کرنے کیلیے اقدامات کرے گا، تاکہ بچوں کی تعلیم کا سلسلہ جاری رہ سکے اور ان کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

شہریوں کی پہنچ سے دور ہو گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق شہر میں مرغی کا گوشت سرکاری نرخ 635 روپے فی کلو کے بجائے 680 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے، جو مقررہ قیمت سے 45 روپے زیادہ ہے۔اسی طرح زندہ مرغی کی سرکاری قیمت 424 روپے فی کلو مقرر ہے، تاہم بازاروں میں یہ 500 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔بغیر ہڈی مرغی کے گوشت کی قیمت میں بھی 240 روپے فی کلو اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد اس کی قیمت 1040 روپے تک پہنچ گئی ہے۔صارفین نے کہا کہ کراچی میں موسم گرم ہونے کے باوجود مرغی کا گوشت سردیوں کے موسم کے برابر مہنگا فروخت کیا جا رہا ہے، جبکہ قیمتوں میں مسلسل اضافے نے گھریلو بجٹ متاثر کردیا ہے۔دوسری جانب مرغی فروشوں نے قیمتوں میں اضافے کی وجہ طلب اور رسد میں فرق کو قرار دیا ہے۔واضح رہے کہ ستمبر کے آخری ہفتے تک مرغی کا گوشت 490 روپے اور زندہ مرغی 390 روپے فی کلو فروخت ہو رہی تھی۔اس کے بعد قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے پولیس کو انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے دیا۔سماعت کے دوران ملزمہ کے وکیل لیاقت گبول ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ دانیہ شاہ کی طبیعت ناساز ہونے کے باعث وہ عدالت میں پیش نہیں ہو سکتیں۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ملزمہ کو آئندہ سماعت پر عدالت میں پیش کر دیا جائے گا۔عدالت نے ملزمہ کی جانب سے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد کرتے ہوئے عدم حاضری پر برہمی کا اظہار کیا اور ان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔بعد ازاں عدالت نے مقدمے کی مزید سماعت 28 اکتوبر تک ملتوی کردی۔واضح رہے کہ مرحوم عامر لیاقت حسین کی بیٹی کی مدعیت میں نازیبا ویڈیوز وائرل کرنے کے الزام میں دانیہ شاہ کے خلاف سائبر کرائم کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا، جس کی عدالتی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

(جے آئی ٹی) تشکیل دینے پر زور دیا ہے۔وکیل جبران ناصر نے میر رضا کے اہلخانہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ عدالتی کمیشن نے 15 اکتوبر کو اپنی رپورٹ جمع کرادی تھی، تاہم انہیں معلوم ہوا ہے کہ رپورٹ خاندان کو دینے اور اسے عام کرنے کا فیصلہ صوبائی کابینہ کرے گی۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ کس کی پشت پناہی کی وجہ سے رپورٹ صیغۂ راز میں رکھی جا رہی ہے؟ حکومت خود کو پولیس کے برابر کھڑا نہ کرے۔اہوں نے کہا کہ اگر رپورٹ فراہم نہ کی گئی تو عدالت سے رجوع کیا جائے گا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ رپورٹ اہلخانہ کو دی جائے اور عوام کے سامنے لائی جائے۔جبران ناصر نے کہا کہ خاندان کا مطالبہ جے آئی ٹی کی تشکیل ہے، کیونکہ میر رضا کیس کے حوالے سے عام شہری بھی عدم تحفظ محسوس کر رہے ہیں۔ان کے بقول پولیس کیس کی مؤثر تفتیش نہیں کر رہی، جبکہ جوڈیشل کمیشن نے حقائق کا جائزہ لیا ہے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ حکومت یا تحقیقاتی ٹیم نے اہلخانہ سے رابطہ نہیں کیا، حالانکہ عدالتی کمیشن نے پولیس کو فوکل پرسن مقرر کرنے کی ہدایت کی تھی۔ان کا کہنا تھا کہ پولیس اہلخانہ کو معلومات فراہم کرنے کے لیے بھی تیار نہیں۔میر رضا کے والد میر حسین علی نے کہا کہ پولیس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے حکومت نے خود کمیشن قائم کیا تھا، اس لیے سوال یہ ہے کہ کیا پولیس شفاف تحقیقات کر سکتی ہے؟ انہوں نے پولیس افسران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے الزام لگایا کہ پولیس کیس کو خودکشی کا رنگ دینا چاہتی ہے۔میر حسین علی کے مطابق کیس میں شواہد ضائع کیے گئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ سندھ کو خط لکھ کر عدالتی کمیشن کی رپورٹ اہلخانہ کو فراہم کرنے اور تحقیقات کے لیے جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ان کا الزام تھا کہ پولیس کی کارروائیوں سے کیس مسلسل متاثر ہو رہا ہے۔انہوں نے سپر میڈیکل بورڈ کی تشکیل پر بھی اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ اگر مقصد خودکشی ثابت کرنا نہیں تو پھر ایسا بورڈ بنانے کی ضرورت کیا ہے؟ ان کے بقول اس پہلو کو بھی زیرِ غور نہیں لایا جا رہا کہ آئی کلاؤڈ تک رسائی کس نے حاصل کی۔انہوں نے خبردار کیا کہ رپورٹ خفیہ رکھنے سے تحقیقات کے لیے گزشتہ دو ماہ میں ہونے والی پیش رفت ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مالی مشکلات کی باعث کسی بچے کو معیاری تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے، معیاری تعلیم اور مساوی مواقع کی فراہمی ضروری ہے۔وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دانش اسکولز کے طلبا کی کامیابیاں انتہائی متاثر کن ہیں، پاکستانی نوجوانوں میں اپنی زندگیاں اور ملک کی تقدیر سنوارنے کی صلاحیت موجود ہے، نوجوان اپنی ذہانت، محنت اور انتھک کوششوں سے پاکستان کو اقوام عالم میں نمایاں مقام دلا سکتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ غریبوں کے بچے ایچیسن جیسے اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے، اس وژن کے تحت 2010 میں دانش اسکول جیسے تعلیمی ادارے کی بنیاد رکھی تھی، ہمارا عزم ہے کہ دانش اسکول معروف اداروں سے بھی بہتر ثابت ہوں

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

کارروائی اور ضروری معائنے کے لیے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ایدھی حکام کے مطابق واقعہ ضیاء کالونی کی گلی نمبر 12 میں مکان نمبر 425 پر پیش آیا، جہاں سے نوجوان کی لاش ملی۔متوفی کی شناخت عثمان کے نام سے ہوئی ہے۔ایدھی حکام کے مطابق ابتدائی معلومات کے مطابق نوجوان کی موت مبینہ خودکشی کے باعث ہوئی، تاہم واقعے کی اصل وجوہات تاحال معلوم نہیں ہو سکیں۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

کارروائی کے دوران میجر وجاہت وحید کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ میجر وجاہت وحید کی شہادت مادر وطن کے دفاع اور ملک میں امن کے قیام کے لیے دی گئی عظیم قربانی ہے۔بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کے دوران سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران چار دہشت گردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے قومی عزم غیر متزلزل ہے۔پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے شہید میجر وجاہت وحید کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

کے جاں بحق ہونے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی حیدرآباد سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی ہے۔آئی جی سندھ نے متعلقہ پولیس افسران کو ہدایت کی ہے کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے شفاف، جامع اور غیر جانبدارانہ تحقیقات یقینی بنائی جائیں اور کسی بھی اہم پہلو کو نظرانداز نہ کیا جائے۔انہوں نے جاں بحق لڑکی کے اہلخانہ اور لواحقین کے بیانات قلمبند کرنے اور دستیاب شواہد کی روشنی میں تحقیقات آگے بڑھانے کا حکم دیا ہے۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

کا باضابطہ افتتاح کیا اور مقام پر کچرا ٹھکانے لگانے کا عمل شروع کرایا۔اس موقع پر وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، وزیر محنت سعید غنی، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور دیگر سینئر حکام بھی موجود تھے۔دورے کے دوران وزیراعلیٰ نے لینڈفل سائٹ کا معائنہ کیا، تعمیراتی کام کی پیش رفت اور عملی انتظامات کا جائزہ لیا اور وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ اور پروجیکٹ ڈائریکٹر عثمان معظم سے بریفنگ حاصل کی۔ورلڈ بینک کی مالی اور تکنیکی معاونت سے شروع کیے جانے والے اس منصوبے پر مجموعی طور پر 105 ملین ڈالر لاگت آئے گی، جس میں ورلڈ بینک کی جانب سے 100 ملین ڈالر کی مالی معاونت اور سندھ حکومت کی جانب سے 5 ملین ڈالر کا حصہ شامل ہے۔وزیراعلیٰ نے منصوبے کی مجموعی لاگت تقریباً 14 ارب روپے بھی بتائی۔منصوبے کا مقصد کچرا جمع کرنے، اس کی نقل وحمل اور سائنسی طریقے سے تلفی کے لیے ایک جدید اور مربوط نظام قائم کرنا ہے، تاکہ ماحولیاتی آلودگی اور روایتی طریقوں سے کچرا پھینکنے کے باعث صحت کو لاحق خطرات کم کیے جا سکیں۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ منصوبے کا آغاز کراچی میں کچرے کے انتظامی نظام کو تبدیل کرنے کے ایک اہم مرحلے کی ابتدا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم کراچی میں کچرا جمع کرنے کے نظام کو جدید بنا رہے ہیں اور کچرے کے انتظام کے پورے عمل کو زیادہ مؤثر اور منظم بنانے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔انہوں نے وضاحت کی کہ روایتی طریقے سے کچرا پھینکنے کے باعث اردگرد کا ماحول آلودہ ہو سکتا ہے اور مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کے لیے سازگار حالات پیدا ہو سکتے ہیں۔اس کے برعکس انجینئرڈ لینڈفل کو خصوصی مواد اور تحفظ کی متعدد تہوں کے استعمال سے تیار کیا گیا ہے، تاکہ ماحولیاتی نقصان کو کم سے کم کیا جا سکے۔تقریباً 150 ایکڑ رقبے پر مشتمل اس مقام کو انجینئرڈ لائننگ سسٹم کے تحت تیار کیا جا رہا ہے، جس میں جیو ٹیکسٹائل مواد بھی شامل ہے، تاکہ زمین کی نچلی سطح کو آلودگی سے محفوظ رکھا جا سکے۔اس کے علاوہ لیچیٹ، یعنی کچرے میں سے پانی گزرنے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے آلودہ مائع کو جمع کرنے اور محفوظ طریقے سے سنبھالنے کے لیے بھی ایک مخصوص نظام قائم کیا گیا ہے۔اس سہولت میں کچرے کو سائنسی طریقے سے دبانے اور ٹھکانے لگانے کا عمل شامل ہوگا، جبکہ وزن کرنے کے لیے وی برج اور ماحولیاتی نگرانی کے انتظامات سے عملی کنٹرول، ریکارڈ رکھنے اور جوابدہی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ لینڈفل سائٹ سے کچرا گلنے سڑنے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی میتھین گیس جمع کر کے اس کے استعمال کے ذریعے توانائی پیدا کرنے کے مواقع بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لینڈفل سائٹس سے میتھین گیس پیدا ہوسکتی ہے، جسے جمع کر کے ممکنہ طور پر بجلی پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ہم اس جدید نظام سے ماحولیاتی اور معاشی فوائد حاصل کرنے کے طریقے تلاش کر رہے ہیں۔مراد علی شاہ نے ورلڈ بینک کی مالی اور تکنیکی معاونت پر اس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر رائج بہترین طریقوں سے سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ اور محکمہ بلدیات کی صلاحیت کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔بریفنگ کے دوران وزیراعلیٰ کو بتایا گیا کہ لینڈفل کے تین انجینئرڈ ڈیزائن سیلز مکمل ہو چکے ہیں، جبکہ تعمیراتی پیکیج پر مجموعی پیش رفت 61.67 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔باقی تعمیراتی کام 30 نومبر 2026 تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ پہلے مرحلے کے افتتاح کے ساتھ ہی اس سہولت پر کام شروع ہو گیا ہے اور انہیں توقع ہے کہ باقی سیلز بھی اعلان کردہ شیڈول کے مطابق مکمل کر لیے جائیں گے۔مراد علی شاہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وی برج درست طریقے سے چلائے جائیں اور اس سہولت پر وصول ہونے والے کچرے کا روزانہ درست ریکارڈ مرتب کیا جائے۔انہوں نے انتظامی نگرانی، عملی جائزے اور جوابدہی کو مضبوط بنانے کے لیے باقاعدہ رپورٹنگ کا نظام قائم کرنے کی بھی ہدایت کی اور زور دیا کہ کچرا صرف مقررہ انجینئرڈ سیلز میں ہی ڈالا جائے۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

بھی کورونا وبا سے پہلے کی سطح سے زیادہ ہے۔رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 19-2018 سے 25-2024 کے دوران یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی کی بنیاد پر غربت میں 64 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ یومیہ 4.20 ڈالر سے کم آمدنی کی بنیاد پر غربت کی شرح میں بھی 32 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔عالمی بینک نے پاکستان میں غربت بڑھنے کی بڑی وجوہات میں کورونا وبا کے اثرات، شدید مہنگائی، روپے کی قدر میں کمی، سیلاب اور طویل معاشی مشکلات کو شامل کیا ہے۔ان عوامل کے باعث لوگوں کی آمدنی، روزگار کے مواقع اور قوت خرید متاثر ہوئی، جس سے کم آمدنی والے طبقے کی مشکلات میں اضافہ ہوا۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں غربت کی بگڑتی صورت حال نے پورے خطے میں غربت کے اضافے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔خوراک کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے غریب خاندانوں پر مزید مالی دباؤ ڈال دیا ہے، جبکہ ملک کی آبادی کا ایک بڑا حصہ خوراک کی شدید کی یا اس سے بھی بدتر صورت حال کا سامنا کر رہا ہے۔عالمی بینک کے مطابق ترقی پذیر معیشتوں میں کم آمدنی والے گھرانے اپنی مجموعی آمدنی یا اخراجات کا تقریباً 35 سے 50 فیصد حصہ خوراک پر خرچ کرتے ہیں، جس کے باعث اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں معمولی اضافہ بھی ان کے لیے سنگین معاشی مسائل پیدا کر دیتا ہے۔رپورٹ میں مہنگائی کی شرح 2025 میں 4.5 فیصد کے مقابلے میں 2026ء کے دوران 7.1 فیصد رہنے اور 2027ں بڑھ کر 8.2 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ بھی پیش کیا گیا ہے، جس سے کم آمدنی والے طبقات پر مزید دباؤ پڑنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

کاری کے مواقع اور کاروباری سہولتوں سے آگاہ کیا گیا۔دورے کے دوران سیکریٹری ایپکس کمیٹی ایس آئی ایف سی ڈاکٹر جہانزیب نے ڈچ وفد کو سرمایہ کاروں کے لیے ون ونڈو سہولت کاری کے نظام اور مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات پر بریفنگ دی۔وفد کو کراچی انڈسٹریل پارک اور بن قاسم انڈسٹریل پارک سمیت خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے مواقع سے بھی آگاہ کیا گیا۔ملاقات میں جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس (جی ایس پی پلس) کے تحت تجارتی سہولتوں اور کاروباری اصلاحات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر اس توقع کا اظہار کیا گیا کہ نیدرلینڈز کی سرمایہ کاری اور دونوں ممالک کے تجارتی روابط میں اضافے سے پاکستان کی برآمدات، صنعتی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

کی سہولیات فراہم کرنا قومی ذمہ داری ہے۔آگاہی مہمات اسی وقت مؤثر ثابت ہوں گی جب طبی معائنے اور علاج کی سہولیات خواتین کی دسترس میں ہوں۔میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق، عالمی یوم آگاہی برائے چھاتی کے سرطان کے موقع پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خواتین کو بروقت طبی معائنے کی ترغیب دینے کے ساتھ یہ بھی بتایا جانا چاہیے کہ وہ معائنہ کہاں کروا سکتی ہیں اور علاج کے اخراجات کیسے برداشت کیے جا سکتے ہیں۔ان کے بقول طبی مدد حاصل کرنے کا فیصلہ کرنے والی ہر خاتون کو قابل رسائی سہولت میسر ہونی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ کسی خاتون کی بروقت تشخیص اور علاج کا انحصار اس کے رہائشی علاقے یا مالی وسائل پر نہیں ہونا چاہیے۔دور دراز علاقوں اور کم آمدنی والے خاندانوں کی خواتین کی ضروریات کو طبی سہولیات کی منصوبہ بندی میں مرکزی اہمیت دی جائے۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ خواتین اکثر گھر اور خاندان کی ذمہ داریوں کے باعث اپنی صحت کو نظرانداز کر دیتی ہیں۔اہل خانہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ خواتین کی صحت سے متعلق تشویش کو سنجیدگی سے لیں اور انہیں ڈاکٹر سے رجوع کرنے، ضروری معائنے کروانے اور علاج جاری رکھنے میں تعاون فراہم کریں۔انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ جسم میں کسی غیر معمولی تبدیلی کو نظرانداز نہ کریں اور مستند ڈاکٹر سے مشورہ لینے میں تاخیر سے گریز کریں۔انہوں نے کہا کہ بروقت تشخیص اور مناسب علاج سے صحت یابی کے امکانات بہتر ہو سکتے ہیں، اس لیے خوف یا غیر مصدقہ معلومات کی بنیاد پر طبی مشورہ مؤخر نہیں کرنا چاہیے۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ آگاہی مہمات میں خواتین کو معائنے کی دستیاب سہولیات، مزید تشخیص اور علاج کے لیے متعلقہ مراکز کے بارے میں واضح رہنمائی فراہم کی جائے۔انہوں نے کہا کہ لیڈی ہیلتھ ورکرز، طبی عملہ اور ذرائع ابلاغ اس حوالے سے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔بلاول بھٹو زرداری نے چھاتی کے سرطان سے متاثرہ خواتین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ علاج کے ہر مرحلے میں ان کی عزت نفس، رازداری اور ضروریات کا خیال رکھا جانا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ کسی خاتون کا صحت سے متعلق سوال جھجک کے باعث دبنا نہیں چاہیے اور نہ ہی وسائل کی کمی علاج کی راہ میں رکاوٹ بننی چاہیے۔

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

تقریباً 150 فیصد اضافہ ہوا۔اعداد و شمار کے مطابق ستمبر میں باسمتی چاول کی برآمدات بڑھ کر ایک لاکھ ایک ہزار 271 میٹرک ٹن ہو گئیں، جبکہ ستمبر 2025 میں یہ مقدار 35 ہزار 109 میٹرک ٹن تھی۔اسی طرح نان باسمتی اور چاول کی دیگر اقسام کی برآمدات 3 لاکھ 19 ہزار 5 میٹرک ٹن رہیں، جو گزشتہ سال اسی مہینے میں ایک لاکھ 33 ہزار 213 میٹرک ٹن تھیں۔رفیق سلیمان کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی، جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران، پاکستان کی چاول کی مجموعی برآمدات 10 لاکھ 75 ہزار میٹرک ٹن تک پہنچ گئیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں یہ مقدار 7 لاکھ 13 ہزار 794 میٹرک ٹن تھی۔اعداد و شمار کے مطابق چاول کی برآمدات میں اضافے کا رجحان ملکی چاول کی صنعت کے لیے حوصلہ افزا ہے۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

اختیار کرگئی، فیڈرل بی ایریا کے مختلف بلاکس میں پانی کی عدم فراہمی کے باعث مکین مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ مواچھ گوٹھ میں پانی اور بجلی کی بندش کے خلاف علاقہ مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے اہم شاہراہیں بند کردیں۔فیڈرل بی ایریا کے مکینوں نے کہا کہ علاقے میں پانی کی فراہمی طویل عرصے سے متاثر ہے۔ان کے مطابق واٹر کارپوریشن کا متعلقہ عملہ والو آپریٹنگ نظام درست طریقے سے نہیں چلا رہا، جس کے باعث گھروں تک پانی مقررہ اوقات میں اور مناسب دباؤ کے ساتھ نہیں پہنچ رہا۔مکینوں نے کہا کہ متعدد بار متعلقہ حکام کو شکایات درج کرانے کے باوجود پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے گئے۔دوسری جانب بلدیہ کے علاقے مواچھ گوٹھ میں طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور پانی کی مسلسل عدم فراہمی کے خلاف شہری سڑکوں پر نکل آئے۔مظاہرین نے احتجاجاً حب ریور روڈ اور ناردرن بائی پاس کو کچھ دیر کے لیے ٹریفک کی آمدورفت کے لیے بند کر دیا، جس سے دونوں شاہراہوں پر گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں اور مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔مظاہرین نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، متعلقہ عملے کی مبینہ غفلت کا نوٹس لیا جائے اور بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کا مسئلہ حل کیا جائے۔انہوں نے خبردار کیا کہ مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

مطابق واقعے کے وقت گھر میں کارپینٹر، پلمبر اور پینٹر کام کر رہے تھے۔ابتدائی معلومات کے مطابق پلمبر اپنا کام مکمل کر کے جا چکا تھا، جبکہ کارپینٹر اور پینٹر کام میں مصروف تھے۔پولیس زیرِ حراست مزدوروں کے بیانات کی روشنی میں واقعے کے محرکات جاننے کی کوشش کر رہی ہے۔پولیس نے مقتولین کے قریبی رشتہ داروں کے بیانات بھی قلم بند کر لیے ہیں، جبکہ حال ہی میں کینیڈا سے پاکستان آنے والے اہلِ خانہ سے بھی مختلف پہلوؤں پر معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔تفتیش کار اس امکان کا جائزہ لے رہے ہیں کہ واقعے کے پیچھے ذاتی دشمنی یا لوٹ مار کا عنصر تو نہیں تھا۔مزید شواہد کے حصول کے لیے مقتولین کے گھر سے ملنے والا موبائل فون بھی پولیس نے تحویل میں لے کر فرانزک تجزیے کے لیے بھجوا دیا ہے۔حکام کے مطابق موبائل فون کے ڈیٹا اور دیگر شواہد کے تجزیے سے تفتیش میں مدد ملنے کی توقع ہے۔پولیس حکام نے کہا کہ تمام شواہد اور فرانزک رپورٹس کا جائزہ لینے کے بعد ہی قتل کے اصل محرکات اور واقعے میں ملوث افراد کے بارے میں حتمی نتیجے پر پہنچا جا سکے گا۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

کریں تاکہ پاکستان کی معاشی ترقی، صنعتی توسیع اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔وہ چیمبر ہاؤس میں انٹرنیشنل معارف اسکولز کے بی ٹیک پروگرام کے طلبہ کے وفد سے خطاب کر رہے تھے، جس کی قیادت پرنسپل ڈاکٹر زرفشاں عدنان کر رہی تھیں۔صدر آئی سی سی آئی نے طلبہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر نوجوانوں کے لیے کاروباری رہنمائی، تربیت اور مینٹورشپ کا ایک مؤثر پلیٹ فارم بن سکتا ہے۔انہوں نے نوجوانوں کو اسٹارٹ اپس کے مواقع، دستیاب یوتھ فنانسنگ اسکیموں اور کاروبار کے قیام کے امکانات سے آگاہ کرنے میں چیمبر کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔محمد ذکریا اکبر ضیا نے کہا کہ نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو پہچانتے ہوئے عملی مہارتیں حاصل کرنی چاہئیں اور محنت، مستقل مزاجی اور مناسب رہنمائی کے ذریعے اپنے کاروباری خیالات کو کامیاب منصوبوں میں تبدیل کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں میں کاروباری سوچ کو فروغ دینا روزگار کی فراہمی، معاشی سرگرمیوں میں اضافے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے اہم ہے۔پرنسپل ڈاکٹر زرفشاں عدنان نے کہا کہ وفد کے دورے کا مقصد طلبہ کو آئی سی سی آئی کے کردار، سرٹیفکیشن اور سہولت کاری کی خدمات، کاروباری مواقع اور کاروباری برادری کے طریقہ کار سے آگاہ کرنا تھا۔انہوں نے کہا کہ درآمدات، برآمدات اور ڈسٹری بیوشن سمیت تجارتی سرگرمیوں کی عملی سمجھ بوجھ طلبہ کو مستقبل میں کاروبار شروع کرنے کے لیے بہتر طور پر تیار کر سکتی ہے۔انہوں نے طلبہ کو عملی تجربہ فراہم کرنے اور وفد کی میزبانی کرنے پر آئی سی سی آئی کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق چٹھہ نے طلبہ کو چیمبر کے کردار، کاروباری برادری کی نمائندگی اور تجارتی سرگرمیوں میں سہولت فراہم کرنے کے حوالے سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں اور کاروباری تنظیموں کے درمیان روابط مضبوط بنانے سے نوجوانوں کو کاروباری ماحول، تجارتی طریقہ کار اور دستیاب مواقع کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔آئی سی سی آئی کے نائب صدر محمد وقاص خان نے کامیاب کاروباری شخصیت بننے کے لیے طلبہ کو مفید مشورے دیتے ہوئے عملی مہارتیں حاصل کرنے، مارکیٹ کی ضروریات کو سمجھنے، اہداف کے حصول کے لیے مستقل مزاجی اختیار کرنے اور کاروباری چیلنجز کا اعتماد کے ساتھ سامنا کرنے کی تلقین کی۔آئی سی سی آئی کے ایگزیکٹو ممبر ابرار الحق اور سابق سینئر نائب صدر نوید ملک نے بھی اجلاس سے خطاب کیا اور کاروباری ترقی اور انٹرپرینیورشپ کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

کے داخلی و خارجی راستوں کو بند کرکے ہدفی مقامات کی تلاشی لی گئی، جبکہ بائیومیٹرک ڈیوائس کی مدد سے متعدد مشتبہ افراد کی شناخت اور کوائف کی تصدیق بھی کی گئی۔سرچ آپریشن ایس ڈی پی او اورنگی ٹاؤن کی نگرانی میں کیا گیا، جس میں ایس ایچ او اورنگی ٹاؤن، پولیس نفری، خواتین اہلکاروں اور انٹیلی جنس عملے نے حصہ لیا۔ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر ہدفی سرچ اور کومبنگ آپریشنز جاری ہیں۔ان کارروائیوں کا مقصد علاقے میں امن وامان برقرار رکھنا، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنانا اور جرائم میں ملوث عناصر کو گرفتار کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

آنے والی خاتون مسافر کو گرفتار کرلیا۔کسٹمز حکام کے مطابق خفیہ اطلاع پر ایئرپورٹ کے آمد کے حصے میں خاتون مسافر کے دو بڑے سفری بیگوں اور دستی بیگ کی تلاشی لی گئی، جس کے دوران فیورولین 100 ملی گرام کی 50 ہزار 340 گولیاں برآمد ہوئیں۔ضبط شدہ ادویات کی تخمینہ مالیت 80 لاکھ 54 ہزار 400 روپے بتائی گئی ہے۔اسسٹنٹ کلکٹر حضر فیض کے مطابق مذکورہ ادویات کی درآمد کے لیے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان (ڈریپ) کی تصدیق لازمی ہے، جبکہ مطلوبہ سرٹیفکیشن کے بغیر ان کی درآمد پر پابندی ہے۔کسٹمز حکام نے کسٹمز ایکٹ 1969 کے تحت ادویات ضبط کرکے خاتون مسافر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔حکام نے کہا کہ گرفتار خاتون دیگر ایئرپورٹ کلکٹریٹس میں درج مختلف مقدمات میں بھی نامزد ہیں۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

کی میزبانی میں سکھر میں قومی جونیئر بیڈمنٹن چیمپئن شپ 2026 کا آغاز ہو گیا، جس میں ملک بھر سے 200 سے زائد لڑکے اور لڑکیاں حصہ لے رہے ہیں۔چیمپئن شپ 22 اکتوبر تک جاری رہے گی۔دوسری جانب شیر سندھ کبڈی میچ میں سندھ کی ٹیم نے پنجاب کو شکست دے دی۔قومی جونیئر بیڈمنٹن چیمپئن شپ کا افتتاح سیکریٹری کھیل و امور نوجوانان سندھ منور علی مہیسر اور کمشنر سکھر عابد سلیم قریشی نے کیا۔افتتاحی تقریب میں پارلیمانی سیکریٹری برائے کھیل صائمہ آغا، ڈائریکٹر کھیل اسد اسحاق، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر سکھر اخلاق میمن، سندھ بیڈمنٹن ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور دیگر شخصیات نے شرکت کی۔اس موقع پر سیکریٹری کھیل منور علی مہیسر نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، پنجاب، گلگت بلتستان اور اسلام آباد کے علاوہ پاکستان آرمی اور پاکستان واپڈا کی ٹیمیں بھی حصہ لے رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت نوجوانوں کو کھیلوں کی بہتر سہولیات اور صلاحیتوں کے اظہار کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔کراچی، حیدرآباد اور میرپورخاص کے بعد اس بار سکھر پر خصوصی توجہ دی گئی ہے تاکہ صوبے کے دیگر شہروں میں بھی کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔دریں اثنا سکھر میں شیر سندھ کے نام سے سندھ اور پنجاب کی ٹیموں کے درمیان کبڈی میچ بھی کھیلا گیا، جس میں سندھ کی ٹیم نے پنجاب کو شکست دے کر کامیابی اپنے نام کرلی۔

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

مالی فراڈ، بلیک میلنگ اور ہراسانی کے واقعات میں اضافہ ہوا، جبکہ بچوں سے متعلق قابل اعتراض مواد کی شکایات میں کمی ریکارڈ کی گئی۔دستاویزات کے مطابق گزشتہ سال کے مقابلے میں شکایات کی تعداد میں 43 ہزار 714 کا اضافہ ہوا۔مالی فراڈ کی شکایات 49 ہزار 982 سے بڑھ کر 71 ہزار 51 ہو گئیں، جبکہ بلیک میلنگ، ہراسانی اور ہتکِ عزت سے متعلق شکایات کی تعداد 50 ہزار 782 رہی۔شناخت کی نقالی سے متعلق شکایات بھی بڑھ کر 4 ہزار 60 ہو گئیں، جو گزشتہ سال ایک ہزار 768 تھیں۔دوسری جانب بچوں سے متعلق قابل اعتراض مواد کی شکایات 236 سے کم ہو کر 66 رہ گئیں۔اس نوعیت کی 419 انکوائریوں میں سے 90 کو مقدمات میں تبدیل کیا گیا۔ریاست مخالف سرگرمیوں سے متعلق شکایات بھی 593 سے کم ہو کر 220 رہ گئیں، جبکہ انسانی اسمگلنگ سے متعلق شکایات ایک سے بڑھ کر 20 ہو گئیں۔دستاویزات کے مطابق الیکٹرانک فراڈ اور جعل سازی کے خلاف 17 ہزار 115 انکوائریاں کی گئیں، جن کے نتیجے میں 2 ہزار 827 مقدمات درج کر کے ایک ہزار 527 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، تاہم صرف 6 مقدمات میں سزائیں ہو سکیں۔شناخت کی چوری کے 317 مقدمات میں 325 گرفتاریاں ریکارڈ کی گئیں۔نفرت انگیز تقاریر کے 161 مقدمات درج کر کے 105 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جبکہ اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے اور سائبر دہشت گردی کے 104 مقدمات میں 54 گرفتاریاں ہوئیں۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والا شہری عنایت عباسی بروقت طبی امداد نہ ملنے کے باعث دم توڑ گیا۔زخمی شہری مبینہ طور پر تقریباً آدھے گھنٹے تک ایمبولینس کا انتظار کرتا رہا۔پولیس کے مطابق مقتول عنایت عباسی پپری کا رہائشی تھا اور واقعے کے وقت اپنے دوست جنید کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ راستے میں مسلح ملزمان نے انہیں روک کر لوٹ مار شروع کردی۔لواحقین کے بیان کے مطابق قریب موجود ایک سیکیورٹی گارڈ نے ملزمان کو واردات کرتے دیکھ کر شور مچایا تو ملزمان نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں عنایت عباسی ٹانگ پر گولی لگنے سے زخمی ہو گیا۔اطلاعات کے مطابق زخمی شہری تقریباً آدھے گھنٹے تک ایمبولینس کا منتظر رہا۔پولیس اور ایمبولینس کے موقع پر پہنچنے کے بعد اسے جناح اسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ وہ راستے میں دم توڑ گیا۔واقعے کے بعد یہ معاملہ بھی سامنے آیا کہ موقع پر موجود بعض افراد زخمی کی مدد کرنے کے بجائے اس کی ویڈیو بناتے رہے۔رپورٹ کے مطابق کراچی میں رواں سال ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے شہریوں کی تعداد 62 ہو گئی ہے۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

آئی جی، ڈی آئی جی ساؤتھ اور ایس ایس پی کیماڑی کی جانب سے امن وامان کی بہتری کیلئے شاہین فورس جیسے اہم اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ صنعتی علاقوں میں جرائم پر قابو پانے کیلئے پولیس اور صنعت کاروں کے درمیان قریبی رابطہ اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔سائٹ میں قائم سائٹ مانیٹرنگ سیل بھی جرائم کی روک تھام مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی کے حوالے سے پولیس کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے ہوئے ہے اور یہ تعاون سائٹ صنعتی علاقے میں اسٹریٹ کرائم کی روک تھام میں خاطرخواہ مدد ملے گی۔عبدالہادی کا کہنا تھا کہ صنعتوں کی بلاتعطل پیداواری سرگرمیوں کے لیے پُرامن اور سازگار ماحول بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔صنعتی سرگرمیوں کا تسلسل نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

مہمانوں گروپ چیف این بی پی ریاض حسین اور ڈاکٹر ظفر طاہر کا کہنا تھا۔کا کہنا تھا پاسبان اسکیم اوورسیز پاکستانیوں کے لیے ہے یہ حکومت پاکستان کا بہترین اینیشی ایٹو ہے اس سے زرمبادلہ میں اضافہ ہوگا اور اوورسیز پاکستانیز اس اسکیم سے بھرپور استفادہ حاصل کر سکیں گے ڈاکٹر ظفر طاہر اور گروپ چیف نیشنل بنک ریاض حسین کا مزید کہنا تھا پاسبان اسکیم بالخصوص اوورسیز پاکستانیوں کے لیے ہے ہر تین ماہ بعد چار ارب روپے بزریعہ قرعہ اندازی بطور انعامات تقسیم ہونگے اور اس اسکیم میں بڑا انعام دس کروڑ روپے کا ہے کل ٹوٹل انعامات ڈھائی ہزار سے زائد ہیں جن میں ایک کروڑ ڈھائی کروڑ اور دس لاکھ روپے کے ہزاروں انعامات شامل ہیں ان کا کہنا تھا کہ پہلی قرعہ اندازی پندرہ جنوری کو پاکستان میں ہوگی تمام اوورسیز پاکستانی اس اسکیم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ انعامات جیت سکیں۔اس موقع پر فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا اور شاندار پرفارمنس پیش کر کے حاضرین سے خوب داد تحسین وصول کی تقریب شریک نہ مہمانوں اور محنت کشوں میں بزریعہ قرعہ اندازی انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

نے ملائیشیا، ترکیہ اور ایران کے تجارتی حکام سے ملاقاتوں کے دوران پاکستان کے چاول کی برآمدات، تجارتی تعاون اور باہمی اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ملاقاتوں میں ریپ کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین فیصل ممتاز، محترمہ فرحت رشید، عبدالوحید میاں، عبدالمجید، نور محمد، معاذ غفران، آصف عبدالستار، کاشف کندوال، اشوک کمار، الطاف حسین، چیف سیکریٹری ریپ اور دیگر نمائندے شریک تھے۔وفد میں ریپ کے سینئر نمائندے بھی شامل تھے۔ملاقاتوں کے دوران پاکستان اور ترکیہ کے تجارتی تعلقات، چاول کی برآمدات میں اضافے اور پاکستانی چاول کو بین الاقوامی منڈیوں میں مزید متعارف کرانے کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ریپ کے وفد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کے اعلیٰ معیار کے چاول کو عالمی منڈیوں میں فروغ دینے کے لیے تجارتی روابط اور سفارتی تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔دونوں جانب سے چاول کی تجارت میں اضافے، پاکستانی چاول کے برآمد کنندگان کے لیے نئے مواقع تلاش کرنے اور پاکستان و متعلقہ ممالک کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعلقات کو مستحکم کرنے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ریپ کی قیادت نے اس امید کا اظہار کیا کہ ان ملاقاتوں کے نتیجے میں پاکستانی چاول کے برآمد کنندگان کو نئی منڈیوں تک رسائی حاصل ہوگی، جبکہ تجارتی وفود اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون کے ذریعے پاکستان کی چاول کی برآمدات میں مزید اضافہ ممکن بنایا جا سکے گا۔وفد نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ پاکستان کی چاول کی صنعت کو بین الاقوامی سطح پر مزید مستحکم بنانے، برآمدات بڑھانے اور تجارتی شراکت داروں کے ساتھ دیرپا تعلقات قائم کرنے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

اسلم پٹیل؛ کے اے ٹی آئی کے نائب صدر ناصر شیخ؛ سابق صدر کے سی سی آئی یونس بشیر؛ سابق چیئرمین کے اے ٹی آئی مسعود نقوی اور زاہد سعید؛ سابق وفاقی وزیر اور سابق سینیٹر فیصل واوڈا؛ اور دیگر ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔خلیل الرحمن اللہ والا کے ہمراہ سلطان اے شیخ، سلیم فاروقی، فہد الیاس نائٹ والا اور عدیل ناصر الیاس نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔تقریب کا آغاز عبداللہ منصور کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عتیق الرحمن اللہ والا نے اپنی فلاحی خدمات اور خیرانہ سرگرمیوں کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔انہوں نے اپنی زندگی کے سفر اور انسانیت کی خدمت کے عزم پر روشنی ڈالی، اور کہا کہ دوسروں کی مدد کے لیے اپنی ذات سے بالاتر ہو کر کام کرنا ہی حقیقی خدمت ہے۔انہوں نے اپنی کامیابی میں اجتماعی کوششوں اور ایک مخلص ٹیم کے تعاون کو اہم قرار دیا۔ان کا کہنا تھا کہ زاہد سعید، مسعود نقوی اور شمیم فرپو کی شمولیت سے ٹیم مزید مضبوط ہوگی۔عتیق الرحمن اللہ والا نے اپنی تنظیم کو ''گلوبل ایمج ایوارڈ — مڈل ایسٹ'' سے نوازا۔اس موقع پر جے پی ایس ڈی کے صدر سراج اور سیکریٹری جنرل مسعود نقوی نے شمیم فرپو، سلیم فاروقی، سلطان اے شیخ، عدیل الیاس (پریس والا) اور فہد الیاس (نائٹن والا) کو شیلڈز پیش کیں۔عظیم الشان تقریب میں عزم علیشان کی جانب سے عتیق الرحمن اللہ والا اور مجلسِ انتظامیہ کے رکن رضوان عبدالصمد کو بھی شیلڈز پیش کی گئیں۔دیگر وصول کنندگان میں کے اے ٹی آئی کے نائب صدر ناصر شیخ، نشاط برادرز کے پرنسپل درشہوار اور بابر حسین عباس شامل تھے۔شمیم فرپو، زاہد سعید اور علی سوریانہ کو بھی شیلڈز پیش کی گئیں۔بریگیڈیئر یعقوب اعوان اور اے پی ای ڈی کے چیئرمین حنیف گوہر نے بھی عتیق الرحمن اللہ والا کو شیلڈز اور گلدستے پیش کیے۔گروپ کے چیئرمین اور کے سی سی آئی کے سابق صدر زبیر موتی والا نے سامعین کو مخطوظ کیا۔کمیونٹی کی فلاحی سرگرمیوں کی معاونت کے لیے ایک اہم اعلان کرتے ہوئے جے پی ایس ڈی کے صدر سراج، زاہد سعید اور مسعود نقوی نے ایک کروڑ 51 لاکھ روپے عطیہ کرنے کا اعلان کیا، جبکہ دیگر شرکاء نے بھی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔اختتامی کلمات میں خلیل الرحمن اللہ والا نے تقریب میں شرکت کرنے والے معزز مہمانوں اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔تقریب کا اختتام عشائیے پر ہوا

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اجلاس کے کامیاب انعقاد کے لیے بروقت تیاریاں مکمل کی جائیں اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی رابطہ کاری کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اجلاس کے دوران نتیجہ خیز مباحثوں اور ٹھوس نتائج کے حصول کو ممکن بنایا جائے۔اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکریٹری خارجہ آمنہ افتخار احمد اور وزارت خارجہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا جبکہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سعودی سفیر کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔فیلڈ مارشل نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ان کی تعیناتی پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں معاون ثابت ہوگی۔ترجمان پاک فوج کے مطابق دونوں ممالک کے تعلقات مشترکہ مذہبی اقدار، باہمی اعتماد اور اسٹریٹجک شراکت داری پر استوار ہیں۔

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

اور تشدد کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔مقدمے کے مدعی صائم عمران کے مطابق ناتھا خان سے پہلوان گوٹھ تک سڑک کی تعمیر کا کام گزشتہ چار ماہ سے جاری ہے۔وہ واقعے کے روز وہاں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے ڈیوٹی انجام دے رہے تھے کہ کینٹ اسٹیشن کے ایس ایچ او احسن رشید دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ وہاں پہنچے اور انہیں مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا۔مدعی نے مقدمے میں مؤقف اختیار کیا کہ انہیں اغوا کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کیا گیا، جہاں پاؤں پکڑنے اور جوتا چاٹنے کے لیے کہا گیا۔انکار کرنے پر مبینہ طور پر تشدد کیا گیا، جس کے نتیجے میں وہ بے ہوش ہو گئے۔صائم عمران کے مطابق جب انہیں ہوش آیا تو وہ عباسی شہید اسپتال میں موجود تھے۔واقعے سے متعلق مزید تفصیلات اور پولیس کا مؤقف سامنے آنے پر صورت حال واضح ہو سکے گی۔

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

موسمیات کے مطابق شہر میں سمندری ہواؤں اور بلوچستان سے آنے والی شمال مغربی ہواؤں کے اثرات نمایاں رہنے کا امکان ہے۔اکتوبر میں گرمی کا برقرار رہنا معمول کے موسمی رجحان کا حصہ ہے، کیونکہ اس دوران موسم گرما سے سرما کی جانب منتقلی کا عمل جاری رہتا ہے۔ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ موسمیات کراچی انجم نذیر ضیغم کے مطابق نومبر کے وسط سے صبح اور رات کے اوقات میں خنکی محسوس ہونا شروع ہو سکتی ہے، جبکہ دسمبر کے اوائل سے وسط تک موسم میں سردی کی شدت بڑھنے کا امکان ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ رواں سال غیر معمولی سردی پڑنے کے امکانات نہیں ہیں اور سردیوں کے مقررہ عرصے میں موسم معمول کے مطابق سرد رہنے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

اہتمام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (PIDE) میں منعقدہ 39 ویں سالانہ جنرل اجلاس اور بین الاقوامی کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلسل معاشی چیلنجز پر قابو پانے اور پائیدار ترقی یقینی بنانے کے لیے برآمدات پر مبنی معیشت کی طرف بڑھ رہا ہے۔دو روزہ کانفرنس کا موضوع ''مشن 100 ارب ڈالر: پائیدار برآمدات پر مبنی خوشحالی کی قومی جدوجہد'' تھا، جس میں پالیسی سازوں، ماہرین معاشیات، محققین اور کاروباری نمائندوں نے پاکستان کی برآمدات میں اضافے کی حکمت عملیوں پر تبادلہ خیال کیا۔رانا احسان نے کہا کہ حکومت کا ہدف درمیانی مدت میں برآمدات کو 60 ارب ڈالر اور 2035 تک 100 ارب ڈالر تک پہنچانا ہے، جس کے لیے ساختی اصلاحات، برآمدات میں تنوع اور صنعتی پیداواری صلاحیت میں اضافے کی ضرورت ہے۔انہوں نے اہم اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ قومی ٹیرف پالیسی 2025-30 کا مقصد تقریباً 7,500 ٹیرف لائنز پر محصولات کو معقول بنانا، بتدریج ریگولیٹری اور اضافی کسٹمز ڈیوٹیز ختم کرنا اور صنعتی مسابقت کو بہتر بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ کسٹمز ڈیوٹی کو 15 فیصد تک محدود کرنا ہے۔انہوں نے بتایا کہ حکومت تقریباً 500 ریگولیٹری تقاضوں کا جائزہ لے رہی ہے اور کاروبار میں آسانی پیدا کرنے کے لیے غیر ضروری سرٹیفکیشن اور معائنے کے طریقہ ؟ کار کو ختم کیا جا رہا ہے۔رانا احسان نے کہا کہ وزیراعظم نے سرکاری اداروں کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنانے، برآمدات کے لاجسٹکس نظام کو مؤثر بنانے اور بندرگاہوں سے متعلق اخراجات کم کرنے کے لیے ٹریڈ فیسلیٹیشن بورڈ کی منظوری دی ہے۔مالی معاونت کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (SMEs) کی مالی معاونت بڑھانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، جس کے تحت مالی سہولتوں کا حجم ایک کھرب روپے سے بڑھا کر دو کھرب روپے کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔برآمد کنندگان کو رعایتی مالی معاونت کے ذریعے سہولت فراہم کی جا رہی ہے، جس میں EXIM بینک اور کمرشل بینکوں کا کردار بھی شامل ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ برآمدی آمدنی پر ٹیکس وصولی کی شرح مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ میں دو فیصد سے کم کر کے 1.25 فیصد کر دی گئی ہے، تاکہ برآمد کنندگان پر مالی دباؤ کم کیا جا سکے

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

پولیس اور شاہین فورس کے مبینہ مقابلوں کے دوران تین ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، جبکہ منگھوپیر میں دو ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، گولیاں، چلیدہ خول اور نقدی برآمد کرلی۔ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق تھانہ پیرآباد کی حدود میں گلشن محلہ میں پولیس اور شاہین فورس کا مسلح ملزمان سے مقابلہ ہوا۔دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کرلیے گئے، جن کی شناخت طارق ولد نواب اور یوسف ولد محمد سعید کے ناموں سے ہوئی۔ملزمان کے قبضے سے دو غیر قانونی پستول، گولیاں، چلیدہ خول اور نقدی برآمد ہوئی۔زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔دوسری کارروائی تھانہ منگھوپیر کی حدود میں ناردرن بائی پاس پر کی گئی، جہاں پولیس اور شاہین فورس کے مبینہ مقابلے کے دوران موٹر سائیکل سوار غلام مصطفیٰ ولد ناتھا خان زخمی حالت میں گرفتار ہوا، جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہوگئے۔پولیس نے گرفتار ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، گولیاں، چلیدہ خول اور نقدی برآمد کر کے اس کے زیر استعمال موٹر سائیکل بھی تحویل میں لے لی ہے۔ایس ایس پی ویسٹ کے مطابق دونوں واقعات میں قانونی کارروائی جاری ہے، جبکہ فرار ملزمان کی تلاش اور برآمد شدہ موٹر سائیکل کی تفصیلات حاصل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

کرلیا گیا۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکلیں برآمد ہوئی ہیں، جبکہ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔چھیپا حکام کے مطابق لیاری کے علاقے چاکیواڑہ میں ربانی مسجد کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے دوران دو ملزمان جمیل اور محمد زخمی حالت میں گرفتار ہوئے، جنہیں سول اسپتال منتقل کردیا گیا۔پولیس کے مطابق منگھوپیر پولیس اور شاہین فورس نے ناردرن بائی پاس پر کارروائی کے دوران مبینہ مقابلے میں غلام مصطفیٰ نامی ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا۔ملزم کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔اسے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔دوسری جانب لیاقت آباد پولیس نے سندھی ہوٹل کے علاقے میں مبینہ مقابلے کے دوران عظیم نامی ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔کراچی پولیس کے ترجمان کے مطابق ملزم کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون اور نقد رقم برآمد ہوئی۔زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

(KPM/IMEO) کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کر دیے۔یہ اکنامک ڈپلومیسی فورم کا پہلا بین الاقوامی معاہدہ ہے۔جکارتہ میں منعقدہ تقریب میں معاہدے پر اکنامک ڈپلومیسی فورم کے بانی صدر ڈاکٹر محمد فاروق افضل اور انڈونیشین مسلم انٹرپرینیورز کمیونٹی کے چیئرمین مسٹر رحمت سوتارنس مارپاؤنگ نے دستخط کیے۔اس اہم معاہدے کا مقصد پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، حلال مصنوعات کی صنعت، اسلامی مالیاتی شعبے، کاروباری روابط اور مشترکہ اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔معاہدے کے تحت دونوں ادارے تجارتی وفود کے تبادلوں، کاروباری نمائشوں، سرمایہ کاری کے مواقع، مشترکہ سیمینارز، کاروباری ملاقاتوں اور نوجوان کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی کے لیے تعاون کریں گے۔مفاہمتی یادداشت میں ڈیڑھ کروڑ امریکی ڈالر (15 ملین ڈالر) مالیت کے ممکنہ کاروباری مواقع پیدا کرنے کا ہدف بھی رکھا گیا ہے، جس کا حصول مارکیٹ کے حالات اور متعلقہ کاروباری معاہدوں سے مشروط ہوگا۔اس موقع پر ڈاکٹر محمد فاروق افضل نے معاہدے کو اکنامک ڈپلومیسی فورم کی ایک تاریخی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پیش رفت پاکستان کی اقتصادی سفارت کاری کو عالمی سطح پر مزید مؤثر بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اشتراک سے دونوں ممالک کے تاجروں، صنعت کاروں، برآمد کنندگان اور سرمایہ کاروں کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور پاکستان و انڈونیشیا کے اقتصادی تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ڈاکٹر فاروق افضل نے مزید کہا کہ اکنامک ڈپلومیسی فورم دنیا کے مختلف ممالک کے ساتھ مؤثر ادارہ جاتی روابط اور اقتصادی شراکت داری کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا تاکہ پاکستان کی تجارت، برآمدات اور سرمایہ کاری کے امکانات کو وسعت دی جا سکے۔یہ معاہدہ اکنامک ڈپلومیسی فورم کے بین الاقوامی سفر میں ایک نئے باب کا آغاز اور پاکستان و انڈونیشیا کے درمیان اقتصادی تعاون کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

ان کے موجودہ نظریات اور افکار کو نئی نسل تک منتقل کیا جا سکے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے الیکٹریکل مسلم یونیورسٹی اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے صدر اور سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے چانسلر اکبر علی خان نے کہا کہ سرسید احمد خان کی فکر، تعلیمات، خدمات اور وراثت ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں۔انہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کو تعلیم، ترقی اور تہذیبی ارتقا میں کلیدی کردار ادا کیا۔سرسید یونیورسٹی اسی تعلیمی و تہذیبی روایت کی امین ہے۔چانسلر اکبری خان نے کہا کہ گزشتہ ماہ کے تعلیمی عرصے میں ہماری ٹیم کی کارکردگی مثالی رہی ہے۔ہم نے پہلی دفعہ خسارے سے پاک بجٹ پیش کیا اور امید ہے کہ ہمارا اگلا بجٹ سرپلس ہوگا۔گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی ریکارڈ داخلے ہوئے ہیں۔آج طلبہ کے پاس انتخاب کے وسیع مواقع موجود ہیں اور 54 پروگراموں میں داخلہ ممکن ہے، جن میں 14 نئے پروگرام بھی شامل ہیں، اس لیے دستیاب تحریر کے مطابق نقل کی گئی ہے۔زیرِ تعمیر عمارت میں جدید ترین سہولیات اور ترقیاتی کاموں کا ذکر ہے۔مزید یہ کہ یونیورسٹی کے اندر پانی کی سپلائی لائن، بجلی کی فراہمی اور دیگر ضروری سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں۔موجودہ معلومات کے مطابق، تعلیمی ادارے میں طلبہ کی سہولت کے لیے نئے پروگرامز اور تعلیمی سرگرمیوں کو فروغ دینے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔یونیورسٹی کے تحت بلاک اے کی ساتویں منزل تعمیر کی گئی، جس میں ایک جدید ترین ڈیزائن اسٹوڈیو بھی تیار کیا گیا ہے۔سرسید ہائی اسکول میں جلد ہی سرسید اسکول آف لاء کی کلاسوں کا آغاز ہوگا۔علاوہ ازیں، نیو کیمپس میں بھی کلاسیں شروع کرنے کا پروگرام زیرِغور ہے۔اے ایس ای کی لیب کے علاوہ تین اضافی لیباریٹریوں کو بھی اپ گریڈ کیا گیا ہے۔یونیورسٹی کے اندر پانی کی سپلائی لائن بحال کی گئی، جس کی وجہ سے پانی کے ٹینکروں کی ضرورت ختم ہوگئی اور ماہانہ دس لاکھ روپے سے زیادہ کی بچت ہونے لگی۔ذاکر علی خان فاؤنڈیشن اور ذاکر علی خان پٹیل کی چیئرپرسن، ڈاکٹر علی خان، انجینئرنگ اور تعلیمی ترقی کے حوالے سے یونیورسٹی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

زون کی توسیع، جدید بس اسٹینڈ کا قیام اور شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے اقدامات شامل تھے۔وزیر دفاع کے ہمراہ صوبائی وزیر برائے محنت و انسانی وسائل پنجاب محمد منشا اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرم بھی موجود تھے۔اجلاس کے دوران ایس سی سی آئی کے صدر خواجہ حسین سہل نے سیالکوٹ کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں تعاون اور کاروباری برادری کے مسائل حل کرنے میں وفاقی وزیر کے کردار کو سراہا۔انہوں نے بالخصوص صوبائی انفراسٹرکچر سیس، ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم، سیالکوٹ ٹینری زون منصوبے اور لاہور۔سیالکوٹ موٹروے سے متعلق امور کا ذکر کیا۔وفاقی وزیر نے کاروباری برادری کے تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے سیالکوٹ کے بین الاقوامی تشخص کو فروغ دینے اور پاکستان کی معیشت میں شہر کے نمایاں کردار کو اجاگر کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے شہر کے صنعتی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، رابطوں کو بہتر کرنے اور شہریوں کے لیے سہولیات میں اضافے کے حوالے سے مختلف ترقیاتی ترجیحات پر گفتگو کی۔خواجہ محمد آصف نے سیالکوٹ۔کھاریاں موٹروے کی جلد تکمیل کے عزم کا اظہار کیا اور بتایا کہ اس کے بعد کھاریاں۔راولپنڈی سیکشن پر کام میں پیش رفت کی جائے گی

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

انہوں نے کہا کہ میجر وجاہت وحید کی شہادت ملک کے دفاع کے لیے دی جانے والی عظیم قربانی ہے۔مراد علی شاہ نے شہید میجر وجاہت وحید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات قابل قدر ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی اتحاد اور یکجہتی ناگزیر ہے۔پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

ریپ ویفٹ کے وفد کی ملائیشیا، ترکیہ اور ایران کے تجارتی حکام سے ملاقاتیں

ریپ چیئرمین محمد رضا کا چاول کی برآمدات کے فروغ اور تجارتی تبادلے کے لیے سفارتی مشن کے ساتھ تعاون پر زور

کراچی (کامرس رپورٹر) رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (REAP) کے وفد نے پاکستان سے چاول کی برآمدات میں اضافے اور بین الاقوامی تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے جاری سفارتی کوششوں کے سلسلے میں مالائیشیا، ترکیہ اور ایران کے اعلیٰ سفارتی و تجارتی حکام سے اہم ملاقاتیں کیں۔ وفد میں ریپ کے چیئرمین کی جانب سے نامزد نمائندگان، سابق چیئرمین ریپ اور مختلف تجارتی شخصیات شامل تھیں۔ وفد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)





پاکستان 2035 تک 100 ارب ڈالر کی برآمدات کا ہدف حاصل کریگا، احسان افضل خان

وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت کا دوروزہ بین الاقوامی کانفرنس کی اختتامی تقریب سے اہم خطاب

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت وصنعت رانا احسان افضل خان نے جامع تجارتی اصلاحات، مارکیٹ تک بہتر رسائی، صنعتی مسابقت اور پالیسیوں پر مؤثر عمل درآمد کے ذریعے 2035 تک سالانہ برآمدات کو 100 ارب ڈالر تک پہنچانے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا ہے۔ پاکستان سوسائٹی آف ڈویلپمنٹ اکانومسٹس (PSDE) کے زیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

کراچی میں گرمی کی شدت برقرار، پارہ 39 ڈگری تک جانے کا امکان

آئندہ چند روز موسم گرم اور خشک رہنے کی پیش گوئی، نومبر کے وسط سے صبح اور رات میں خنکی شروع ہونے کا امکان

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں آئندہ چند روز کے دوران موسم شدید گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

کراچی، سٹی وارڈن کا ریلوے پولیس اہلکاروں پر اغوا اور تشدد کا الزام، مقدمہ درج

ایس ایچ او کینٹ اسٹیشن سمیت اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ، جوتا چاٹنے پر مجبور کرنے اور انکار پر تشدد کا الزام

کراچی (این این آئی) چکور نالے کے قریب سڑک کی استرکاری کے دوران جھگڑے کے معاملے پر ڈائریکٹر سٹی وارڈنز کی مدعیت میں ریلوے پولیس اہلکاروں کے خلاف اغوا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



پاکستان میں نئے تعینات ہونے والے سعودی سفیر کی فیلڈ مارشل سے ملاقات

سعودی سفیر نے جی ایچ کیو میں ملاقات کی جس میں علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں نئے تعینات ہونے والے سعودی عرب کے سفیر نے جی ایچ کیو میں فیلڈ مارشل سے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاکستان میں نئے تعینات ہونے والے سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح تامی البقامی نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں شخصیات نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ملاقات میں دفاعی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور اسٹریٹجک رابطہ کاری کو مزید مضبوط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اکنامک ڈپلومیسی فورم کا انڈونیشیا میں پہلا بین الاقوامی معاہدہ

بانی صدر ڈاکٹر محمد فاروق افضل اور انڈونیشین مسلم انٹر پرینیورز کمیونٹی کے چیئرمین رحمت سوتارناس مارپاؤنگ کے دستخط

جکارتہ (بزنس رپورٹر) پاکستان کے اکنامک ڈپلومیسی فورم (EDF) نے بین الاقوامی سطح پر ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے انڈونیشین مسلم انٹر پرینیورز کمیونٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 4 مبینہ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلوں کے دوران چار مبینہ ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)


کراچی ویسٹ میں پولیس اور شاہین فورس کے دو مبینہ مقابلے، 3 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) ضلع ویسٹ کے علاقوں پیر آباد اور منگھوپیر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

پاکستان آسمانوں پر بنا، ایک لازوال ترین ملک ہے، سینیٹر عبدالحسیب خان

سرسید یونیورسٹی میں سرسید ڈے، محمود شام، چانسلر اکبر علی خان، ارم اکبر کا خطاب، طارق سبزواری کی عمدہ نظامت

کراچی (بزنس رپورٹر) سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، الیکٹریکل انجینئرنگ ٹیکنالوجی (ای اے آئی ٹی) اور الیکٹریکل مسلم یونیورسٹی اولڈ بوائز ایسوسی ایشن (اموبا) کے زیر اہتمام بانی جامعہ کے عظیم مفکر سرسید احمد خان کا یوم ولادت روایتی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا۔ ممتاز اسکالرز نے سرسید احمد خان کی حیات و خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی تاکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)



سیالکوٹ صنعتوں کے فروغ کیلئے بہتر ایکسپورٹ زون کی توسیع کا مطالبہ

وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، محمد منشا اللہ بٹ، چوہدری فیصل اکرم اور سیالکوٹ چیمبر کے صدر خاور حسین اجلاس میں شریک

سیالکوٹ (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بنیادی ڈھانچے اور صنعتی ترقی کی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا۔ ان ترجیحات میں سیالکوٹ۔کھاریاں موٹروے کی جلد تکمیل، سیالکوٹ ایکسپورٹ پروسیسنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)



وزیراعلیٰ سندھ کا بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین، میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہارِ افسوس، دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی اتحاد اور یکجہتی ناگزیر ہے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بلوچستان کے علاقوں قلات اور گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے میجر وجاہت وحید کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ قلات میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائی کے دوران چار دہشت گردوں کی ہلاکت پر پاک فوج کے جوان خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

خلیل الرحمٰن اللہ والا کا عتیق الرحمٰن اللہ والا کے اعزاز میں پُروقار عشائیہ

بریگیڈیئر یعقوب اعوان، محمد حنیف گوہر، اسلم پکھالی، یونس بشیر، شمیم فریپو، زاہد سعید اور فیصل واوڈا کی خاص شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) خلیل الرحمٰن اللہ والا ہی ای اوامان ٹاور اور امان وسٹا، نے عتیق الرحمٰن اللہ والا کے اعزاز میں ایک عشائیے کا اہتمام کیا۔ اس تقریب کا انعقاد مجلسِ انتظامیہ، جماعتِ پنجابی سوداگرانِ دہلی (JPSD) کے ایک رکن کے تعاون سے کیا گیا۔ تقریب میں چیف گیسٹ بریگیڈیئر یعقوب اعوان، سیکٹر کمانڈر آئی ایس پی آر؛ اے بی اے ڈی کے چیئرمین حنیف گوہر؛ کراچی چیمبر آف کامرس کے سینئر نائب صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)



محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت وزارت خارجہ میں اہم اجلاس

اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکریٹری خارجہ عاصم افتخار احمد اور وزارت خارجہ کے سینئر افسران کی شرکت

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ہفتے کے روز ایک اجلاس کی صدارت کی، جس میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کی وزرائے کونسل کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ یہ اجلاس 15 اور 16 نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے اجلاس کے مجوزہ پروگرام اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ پاکستان ای سی او کو کتنی اہمیت دیتا ہے، اس پر زور دیتے ہوئے انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

سید اویس قادر شاہ سے پرتگال کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

ملاقات میں پرتگال کے سیاسی امور کے افسر ڈیوڈ آرکاؤ، کراچی میں نامزد قونصل جنرل امین فقیری، سیکریٹری سندھ اسمبلی جی۔ ایم۔ عمر فاروق اور ڈائریکٹر جنرل میڈیا عرفان احمد میمن بھی موجود، امین فقیری نے پاکستانی برآمدات میں اضافے کے حوالے سے باسمتی چاول، پھلوں، انفارمیشن ٹیکنالوجی کی خدمات اور چمڑے کی مصنوعات کے شعبوں میں مواقع کی نشاندہی کی، تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے امکانات پر بھی گفتگو



کراچی (بزنس رپورٹر) قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ سے پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاؤلو سیگویل گیریز ڈونگیش نے سندھ اسمبلی میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور پرتگال کے درمیان دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت، ثقافتی تبادلوں اور مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پرتگال کے سیاسی امور کے افسر ڈیوڈ آرکاؤ، کراچی میں نامزد قونصل جنرل امین فقیری، سیکریٹری سندھ اسمبلی جی۔ ایم۔ عمر فاروق اور ڈائریکٹر جنرل میڈیا عرفان احمد میمن بھی موجود تھے۔ قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ نے پرتگال کے سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے کراچی کو پاکستان کا اقتصادی مرکز اور ثقافتی تنوع کا حامل شہر قرار دیا۔ انہوں نے سفیر کو سندھ کے دیگر شہروں، بالخصوص سکھر، کے دورے کی دعوت دیتے ہوئے صوبے کے تاریخی ورثے، ثقافتی تنوع، سیاحتی مقامات اور معاشی امکانات سے آگاہ کیا۔ سید اویس قادر شاہ نے سندھ کے تاریخی مقامات، زرعی وسائل اور قدرتی حسن کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں کا دورہ پاکستان اور سندھ کے ثقافتی و اقتصادی امکانات کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے پرتگال کے سفیر کو سندھ کے دوروں کے دوران ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ ملاقات میں پرتگال کے سیاسی امور کے افسر ڈیوڈ آرکاؤ، کراچی میں نامزد قونصل جنرل امین فقیری، سیکریٹری سندھ اسمبلی جی۔ ایم۔ عمر فاروق اور ڈائریکٹر جنرل میڈیا عرفان احمد میمن بھی موجود تھے۔ قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ نے پرتگال کے سفیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے کراچی کو پاکستان کا اقتصادی مرکز اور ثقافتی تنوع کا حامل شہر قرار دیا۔ انہوں نے سفیر کو سندھ کے دیگر شہروں، بالخصوص سکھر، کے دورے کی دعوت دیتے ہوئے صوبے کے تاریخی ورثے، ثقافتی تنوع، سیاحتی مقامات اور معاشی امکانات سے آگاہ کیا۔ سید اویس قادر شاہ نے سندھ کے تاریخی مقامات، زرعی وسائل اور قدرتی حسن کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں کا دورہ پاکستان اور سندھ کے ثقافتی و اقتصادی امکانات کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے پرتگال کے سفیر کو سندھ کے دوروں کے دوران ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ ملاقات میں پرتگالی سفیر نے پاکستانی برآمدات میں اضافے کے حوالے سے باسمتی چاول، پھلوں، انفارمیشن ٹیکنالوجی کی خدمات اور چمڑے کی مصنوعات کے شعبوں میں مواقع کی نشاندہی کی۔ پرتگال کے سفیر نے دونوں ممالک کے درمیان عوامی روابط کو مزید مستحکم کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے پرتگال میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے گزشتہ سال صدرِ پاکستان آصف علی زرداری کے دور میں پرتگال کو دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا۔ ملاقات کے دوران کھیلوں، بالخصوص فٹ بال کے ذریعے تعاون کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پرتگال کے سفیر نے کھیلوں کے ذریعے سفارتی تعلقات کو مضبوط بنانے کے حوالے سے پاکستان میں پہلی ایف سی پورٹو ڈریگن فورس فٹ بال اکیڈمی کے سیالکوٹ میں قیام کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے لیاری میں فٹ بال کی مضبوط روایت اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو بھی سراہا۔ قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ نے پرتگال کی پارلیمنٹ اور سندھ اسمبلی کے درمیان پارلیمانی فرینڈشپ گروپ قائم کرنے کی تجویز پیش کی، تاکہ دونوں اداروں کے درمیان روابط، قانون سازی کے تجربات کے تبادلے اور ارکانِ پارلیمان کے مابین تعاون کو فروغ دیا جاسکے۔



پاکستانی برآمدات کے لیے پرتگالی مارکیٹ تک رسائی آسان بنائی جائے، طلعت محمود

پرتگالی وزیر خارجہ 22 نومبر کو پاکستان آئیں گے، اسلام آباد میں بزنس فورم منعقد ہوگا، پاؤلو ڈومنگوز

سفیر پرتگال کراچی چیمبر پہنچے، سینئر نائب صدر اسلم پکھالی اور سابق صدور مجید عزیز، افتخار وہرا، احسن ارشد شیخ، شاہد اسماعیل موجود

ہمیں مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ اپنے دوستانہ تعلقات کو حقیقی کاروباری مواقعوں میں تبدیل کرسکیں، صدر چیمبر اور پرتگالی سفیر



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاؤلو ڈومنگوز نے پرتگال اور پاکستان کے اقتصادی تعلقات میں بڑی تبدیلی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کو خوشگوار سفارتی تعلقات سے آگے بڑھ کر اپنی دیرینہ دوستی کو عملی تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبوں کے مواقع میں تبدیل کرنا ہوگا۔ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے دونوں ملکوں کی معیشتوں میں موجود بے شمار غیر استعمال شدہ امکانات کی نشاندہی کرتے ہوئے دونوں جانب کے کاروباری حلقوں پر زور دیا کہ وہ براہِ راست شراکت داریاں قائم کریں، نئی مارکیٹیں تلاش کریں اور ایسے عملی منصوبوں پر کام کریں جن سے دوطرفہ تجارت میں نمایاں اضافہ ممکن ہو سکے۔ پرتگال کے سفیر نے مزید کہا کہ اگرچہ پرتگال اور پاکستان کے درمیان دوستانہ تعلقات ہیں اور مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہیں تاہم دوطرفہ تجارت کا حجم حقیقی صلاحیت سے کافی کم ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ دونوں ملکوں کی معاشی کی معاشی صلاحیتیں ایک دوسرے کے لیے معاون ثابت ہوسکتی ہیں اور متعدد شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ میرا پیغام بہت سادہ ہے کہ پرتگال اور پاکستان ایک دوسرے کو بہت کچھ دے سکتے ہیں۔ ہمیں مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ اپنے دوستانہ تعلقات کو حقیقی کاروباری مواقعوں میں تبدیل کرسکیں۔ ہمارے سیاسی و اقتصادی تعلقات اچھے ہیں اور مسلسل آگے بڑھ رہے ہیں لیکن دونوں ملکوں کے درمیان موجود وسیع امکانات کے مقابلے میں تجارتی اعداد و شمار اب بھی نسبتاً کم ہیں۔ ہمیں غیر استعمال شدہ صلاحیت کو مسلسل کوششوں کے ذریعے تلاش کرنا اور فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پرتگال کے کاروباری ادارے ابھی تک پاکستانی مارکیٹ کے امکانات سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھا سکے جس کی ایک وجہ یہ ہے کہ وہ یہاں موجود مواقع سے خاطر خواہ آگاہ نہیں ہیں۔ اس کے برعکس پاکستانی کاروباری ادارے پرتگال میں تجارتی امکانات تلاش کرنے میں زیادہ دلچسپی لے رہے ہیں اور پاکستانی وفود مختلف شعبوں میں کاروباری مواقعوں کا جائزہ لینے کے لیے پہلے ہی پرتگال کا دورہ بھی کر چکے ہیں۔ انہوں نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان اقدامات میں تیزی آنے کے ساتھ دونوں ملکوں کی باہمی تجارت میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اصل چیلنج دونوں ملکوں کی تاجر برادری کو ایک دوسرے کے قریب لانا اور پرتگالی تاجروں اور کمپنیوں کو پاکستان کے دورے کی ترغیب دینا ہے۔ پرتگال اور پاکستان جغرافیائی لحاظ سے شاید دور ہوں مگر جغرافیائی فاصلے کو بھی ہمارے عزائم کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے۔ ہمارے پاس تعاون کی مضبوط بنیاد موجود ہے اور اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہماری کمپنیوں کے درمیان روابط اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے۔ پرتگالی سفیر نے دوطرفہ تعاون کے کئی امید افزا شعبوں کی نشاندہی کی جن میں تجارت وصنعت، قابلِ تجدید توانائی، ٹیکنالوجی، زراعت، پھلوں کی کاشت اور جدت شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرتگالی سفارتخانہ پاکستانی اور پرتگالی کمپنیوں کو خریداروں، سپلائرز، ڈسٹری بیوٹرز اور قابل اعتماد طویل مدتی کاروباری شراکت داروں کی تلاش میں مدد فراہم کرسکتا ہے۔